VOICE OF PAKISTAN

TORONTO.

JUNE IST, I972. 10 ¢.

Vol.I. | A friend's of Pakistan publication | No. 5.

Indira and Bhutto will meet June 28 for summit on war

NEW DELHI

President Zulfikar Ali Bhutto of Pakistan will meet Indian Prime Minister Indira Gandhi here June 28 to negotiate settlement of their war last December, official sources said yesterday.

★★★

Local body polls before year ends —MUMTAZ BHUTTO

KARACHI, May 5: Chief Minister Mumtaz Bhutto told newsmen here today that he was very keen to hold elections to the local bodies in Sind before the current financial year was out.

However, he added that unanimous decision by all the four Chief Ministers in this respect was necessary and he intended to convene a conference of Chief Ministers to decide the matter.

If municipal elections were elected in June, they would be able to prepare and pass the next year's budget, he added. He said he would be too happy to host the first Chief Ministers' conference in Karachi.

Agreeing with a correspondent that the oppressive heat of May or June would be inconvenient for elections, he, nevertheless opined that convenience alone should not be the decisive factor.

Mr. Bhutto who also holds the Finance portfolio said that he was preparing proposals for the next year's budget of the Sind Province and would forward those to the Centre very shortly.

He said that the Sind Government would nominate its representative on the WPIDC's Board of Directors in a couple of days.—PPI

Pakistani civilians detained in India may be released

From Our Chief Overseas Correspondent

LONDON, May 16: Pakistani civilians detained in India may be released soon "to create a more cordial atmosphere at the crucial meeting" next month between President Bhutto and Premier Indira Gandhi.

This was reported today from Delhi by correspondent Peter Hazelburst of the "Times" who said that "under the proposed plan most of the civilians, apart from those who are to be prosecuted for perpetrating atrocities in Bangla Desh, will be returned to Pakistan if the Bengalis support the idea." He added that Sheikh Mujib may demand repatriation of equal number of Bengalis from West Pakistan.

Information received here early this week indicated that former East Pakistan Governor Dr. A. M. Malik, Chief Secretary Muzaffar Hasan and many other senior officials are detained at a camp in Bareilly. There are several detention camps in Meerut and other places in India where Pakistani civilians are held.

POLITENESS

is like an air cushion — There may be nothing in it, but it eases the jolts wonderfully.

Consortium aid assured

Standby credit too

From Our Special Representative

RAWALPINDI, May 16: Pakistan is learnt to have been assured by the Consortium countries of 180 million dollars worth of assistance for the next financial year.

Formal commitments are expected to be announced at the next meeting of the 11-member Consortium, which is due to be held on May 26 at Paris. Bilateral agreements between Pakistan and the countries concerned will follow soon after.

The IMF is also learnt to have assured of a substantial standby credit to help Pakistan meet her deficit balance of payments position. Pakistan had over a year ago asked for a standby credit of 75 million dollars from the IMF, but the request had not been conceded for a number of reasons.

The Consortium at its meeting on May 26 is also expected to announce a 26-month moratorium on Pakistan's 234 million dollars worth of debt liability.

Pakistan's aid relationship with the Consortium countries and IMF, which had remained suspended for over a year, are being re-established with a clear understanding between all sides in regard to the present realities, especially those resulting from the breaking away of East Pakistan.

Though fresh loans being promised by the Consortium countries are far less than needed to be linked with development activity, they will enable the Pakistan Government to know the real position in regard to its external resources and adjust its development plan for the next year, accordingly.

Consortium aid will include a 50 million dollars credit from IDA which is expected to be finalised before the Consortium meeting. Mr Zafar Iqbal, Joint Secretary in the Economic Affairs Division, left here yesterday for Washington to negotiate and finalise the credit.

News;

Can you spot A NEWS? If you can; let us know, we will let every body know. Got it!

'People's car' may be produced here

By Our Staff Reporter

A scheme to manufacture locally a four-door "People's Car" with enough accommodation for a family of two adults and five children, is under consideration of the Government.

Submitted by the State-managed Automobile Industrial Group of Companies, the scheme envisages commercial production to begin within 18 months after the licencee's agreement with foreign car manufacturers.

In the first phase 55 per cent. content of the car will be local, but in the third phase 95 to 98 per cent components will be manufactured within the country.

The car, with an engine of 1000-1300 cc. will have a maximum speed of 60 to 65 miles per hour. Its average fuel consumption will be 40 miles per gallon.

The production cost is, however, not known.

Rs 50m as operating profit of PIA fixed for 1972-73

By Our Staff Reporter

A minimum target of Rs. five crores as the operating profit of Pakistan International Airlines has been fixed for the next financial year, it is learnt.

The departmental heads have been asked to formulate plans for the coming financial year in the light of the target.

New plans of operations may be ready for implementation from July 1.

The target has been fixed by the new Managing Director, Mr. Rafique Saigol who took over as the chief executive of the airline on May 12.

In the series of meetings with departmental chiefs the new Managing Director is believed to have highlighted the main issues confronting the airline: financial aspect and morale of the employees.

It would have been impossible to achieve the new target in view of the present shrunken size of the fleet and the areas of operations, but for rupee devaluation.

ولله المشرق والمغرب

AND TO GOD BELONG THE EAST AND THE WEST

واعتصموا بحبل الله جميعا ولا تفرقوا

"AND HOLD TOGETHER FIRMLY TO GOD'S ROPE AND DO NOT SEPARATE"

UNITY IN COMMUNITY

The Pakistani community is rather disorganised community in Canada. With the influx of greater number of Pakistanis in Canada to seek employment or education, the list of our social and other problems is growing. We are divided into so many organisations that we have become the slaves of our ego, self-esteem, duality in our thinking and in our action. Consequently, we have failed and we are failing to meet the challenges with which we are faced here and in our home country, Pakistan.

We have enormous problems. We do not have any Islamic school for our children, any community centre where members of the community could get together to celebrate our national days or other social functions. We have to defend Pakistan against malicious propaganda and project Pakistan in news and views on radio and television These and many other projects need to be undertaken.

So, the big question before us is " to be or not to be". We must forget the past, shake off our petty pre judices and personal rivalries and forge a united and healthy platform so that the community could have proper guidance and initiative and also could utilise the grants offered by the federal and provincial governments.

Therefore, we appeal to all Pakistanis to work together with faith, discipline and unity. Let us not fail in our responsibility towards the community and the motherland.

BAN OF IMPORT OF CARS UNDER PERSONAL BAGGAGE SCHEME

The Government of Pakistan have decided that the import of cars under the personal baggage and other schemes will be discontinued. The import of cars banned with effect from Ist Jan., I97I shall, with immediate effect, therefore, be applicable to import under personal baggage scheme and other schemes in force so far. This restriction, however, will not be applicable to import of cars by foreign diplomats/foreign nationals whose imports out of their own resources will remain unaffected.

Under the new import policy announced after devaluation, import of trucks, buses, lorries and omni-buses has been allowed in completely knocked condition through recognised assembly plants only.

The clearance of cars/vehicles, which have already been purchased and declared or shipped under the scheme referred to above prior to the 20th May, I972, will be allowed in accordance with the policy/procedure hitherto in force.

SHOOTING

Two persons were killed and a number of others wounded when a group of villagers opened fire on a jeep in which National Awami Party leader Khan Abdul Wali Khan and a Provincial Minister were travelling. The attack occured in Dir.

In Brief:-

The Chief Justice of the Supreme Court of Pakistan Mr. Justice Hamoodur Rahman has arrived in Washington to attend the inaugural session of the Annual Conference of the American Law Institute.

.-.-.

Mr. Sultan Mohd. Khan has taken over as ambassador of Pakistan in Washington.

.-.-.-.

Friends of Pakistan are holding a general meeting of Pakistanis on Saturday, June 3, I972 at 5 P.M. at YMCA College St. at Yonge St. Toronto. Community problems will be discussed. Free refreshment will be served.

We congratulate Mr. Habibullah Khan and Miss. Nasreen on their wedding and wish them a happy future in their married life.

Point of Information.

The Friends of Pakistan has not authorised any body to collect cash for Defence or Relief Fund. Make your payments by cheques only.

******

For complaints about distribution of this paper, please contact circulation department. 534-09I7

Canada Corner.



—Chambers-Halifax Chronicle-Herald

"You'd better ease up a bit, Bob—we don't want you to peak too soon."

India considers Atom Tests For Industrial Develonment

New Delhi: Defence Minister Jagjivan Ram said that India was studying " the technology for carrying out underground nuclear explosions for peaceful purposes.

Official sources have said that the study started two years ago but added that there was no immediate prospect for underground explo-sions. The official assert that the underground explosions would be essential for such purposes as extraction of low grade copper and nickle ores and the exploitation of oil.

Mr. Ram, speaking in a military debate in Parliament, said India was still opposed to the making of nuclear weapons although she was keeping her options open.

NATIONWIDE CENSUS SCHEDULED FOR NEXT SEPTEMBER

RAWALPINDI A meeting of the Central Cabinet, held under the chairmanship of Vice President Nurul Amir announced plans to hold a nationwide population census this coming September.

The population census was originally scheduled to be held in 1971 but, because of conditions not conducive to holding the census, it was put off. September, 1972, is ideal for holding the census because the weather conditions will be congenial and the field work will have been completed before the Holy month of Ramzan.

TOP PRIORITY ACCORDED TO SALINITY FIGHT

LAHORE—The Administration has directed that the highest priority should be accorded to the problem of salinity, waterlogging and power shortage.

This was announced here by Dr. Mubashir Hasan, Finance Minister, at a Press conference. He also disclosed that the power crisis which had necessitated load shedding in West Pakistan was over and now more power was available than the estimated load.

The Finance Minister said the problems connected with waterlogging, salinity and electricity were discussed in detail at a high-level meeting held today under the chairmanship of President Bhutto.

He said the meeting was attended besides him, by Ghulam Mustafa Khar, the Governor of Punjab, the Minister for Food and Agriculture, Malik Meraj Khalid, the Sind Adviser for Planning, Development and Irrigation, Mir Ijaz Ali Talpur, the Deputy Chairman of the Planning Commission, the Chairman of WAPDA, Chief Secretaries of Punjab, Sind and Baluchistan, and other Government officials and experts.

Meet the Friend's of Pakistan.

In the context of recent events and the challenges with which Pakistan is faced, a group of Pakistanis have decided to work for Pakistan under the name of 'FRIENDS OF PAKISTAN'. The projects undertaken by Friends of Pakistan are:

1. Voice of Pakistan (صوتِ پاکستان) fortnightly, an organ of the community to proliferate and project the ideology of Pakistan; to keep the readers abreast of the developments in Pakistan, and to voice the problems of the community and propose solutions.

2. Donations for National Defence Fund and War Victims Relief Fund. Accounts have been opened with the Bank of Montreal Branch at 50 King Street, Toronto. It is being controlled and operated directly by the government of Pakistan. Printed cheques are available from 'Friends of Pakistan'.

3. Voice of Pakistan, a radio programme.

4. Muslim Bank; deposits to be invested for community projects.

5. Community Centre; needed so badly.

6. School for Islamic education for children and adults; an answer to a common problem confronting growing families in Canada.

If you want to know more about F.O.P. Please, fill in and send us the following form.

FRIENDS OF PAKISTAN

☐ Mr. ☐ Mrs. ☐ Miss.

Last Name First Name

Intrested

Other Names Phone No. Profession Major Field Home Country

MAILING ADDRESS

Number, Street and Apt. No. or P. O. Box No.

City, Postal Zone or Code, Province, State, Zip Code, Country

For office use.

I am intrested in :-

1 ☐ STEEL MILL IN PAKISTAN
2 ☐ SCHOOL FOR MUSLIM CHILDERN
3 ☐ COMMUNITY CENTRE
4 ☐ ISLAMIC ADULT EDUCATION
5 ☐ A MUSLIM BANK
6 ☐ NEWS PAPER "VOICE OF PAKISTAN"

I hereby, pledge to contribute $ /month to

7 ☐ NATIONAL DEFENCE FUND OF PAKISTAN
8 ☐ WAR RELIEF FUND

FRIENDS OF PAKISTAN, P.O. BOX 303, STATION D, TORONTO 9, ONTARIO, CANADA.

A FRIEND'S OF PAKISTAN PUBLICATION.
P.O. Box. 303. Station. D. Toronto.

NIXON INVITED TO PAKISTAN

ISLAMABAD, May 16: President Bhutto has invited US President and Mrs Nixon to visit Pakistan at a mutually convenient time.

The invitation was renewed by Mr Sultan Khan, when he presented his credentials to the US President yesterday.—PPI

NEW FOREIGN SECRETARY

ISLAMABAD: Mr. Iftikhar Ali took over charge of the Ministry of Foreign Affairs on March 31 from the outgoing Secretary, Sultan Muhammad Khan, Ambassador-designate to the United States.

Mukhtar Rana's seat declared vacant

ISLAMABAD, May 5: The Election Commission of Pakistan today declared National Assembly Seat NW-49 (Lyallpur I) vacant as a result of disqualification incurred by Mr. Mohammad Mukhtar Rana.

The disqualification has been incurred by Mr. Rana under Article 9(2)(c) of the Legal Framework Order 1970, read with Articles 295(b) and (d) 76(1) (c) of the Interim Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

The Election Commission has invited nominations of candidates for the vacant seat by May 10. The scrutiny of the nomination papers will be held on May 11. The last date for withdrawal of candidature is May 15 and the polling will be held on May 31. The Assistant Commissioner, Lyallpur, will be the Returning Officer for the Election and the Extra Assistant Commissioner (III), Lyallpur, will be the Assistant Returning Officer, according to the announcement.—APP

* * * *

JUI FOR ISLAMIC CONSTITUTION

PESHAWAR, May 5: The Jamiatul Ulema-i-Islam today called for a permanent Islamic Constitution to ensure safety, integrity and solidarity of the counrty.

A resolution adopted at the JUI's public meeting at the Shahibagh said that the salvation of the country lay in the enforcement of Islamic laws alone.

Other resolutions, 'inter alia', called for respectful repatriation of Pakistani prisoners of war and congratulated the NAP and JUI leadership for their successful struggle for the restoration of democracy.

Through another resolution the meeting welcomed the prohibition and demanded that use of liquor should also be banned in other provinces.

Addressing the meeting, Mufti Mahmud, Chief Minister of NWFP, said that the Provincial Government had taken important steps to ensure the establishment of a true Islamic order in the Province.

He said that many more steps were in hand to develop an Islamic society, in the NWFP.

His Government, he said, was committed to set system that guaranteed justice to every citizen irrespective of his language, culture or creed. "We are a free people now", he emphasised, and there was no reason for the British system to be retained.

A board comprising law experts and ulema, he said, would be set up to bring laws in the Province in conformity with the Holy Quran and 'Shariat'. The board would prepare a report which would be enforced after approval by the Provincial Assembly.

HIGH-LEVEL TALKS

A high-level meeting, he said, had been convened to consider ways and means to look into the problems of the people besides curing society of social evils like bribery, favouritism and nepotism.

He underlined the need for maintenance of law and order in the Province and warned that no one would be allowed to transgress the rights of others.

نقصان ——— صہبا اختر

اے رہبرانِ ملت، اِن تفرقوں سے یوں بھی
نقصان ہو چکا ہے ناقابلِ تلافی
جو دکھ ہمیں ملے ہیں، کیا وہ نہیں ہیں کافی
دن رات ڈھونڈتے ہو، کیوں مسئلے اضافی

خطوط آپ کے

اُدارہ کا مراسلہ نگار کی رائے سے
متفق ہونا ضروری نہیں ،

محترمی

امریکی کانگرس سے وابستہ ایک درجن
معاونین کے ایک وفد کے رکن کی حیثیت سے
"سرٹوا جاتے ہوئے ٹرانٹو سے گزرا تو وہاں
امریکی نصف کرہ کے واحد اردو اخبار "صدائے
پاکستان" کو دیکھ کر بے پایاں مسرت ہوئی،
ٹرانٹو سے اس اخبار کا اجرا فرینڈز آف
پاکستان کی جولاعیتی اور حب الوطنی کا نہایت
عمدہ اظہار ہے، میں سمجھتا ہوں کہ بے خبری
سے بڑی کوئی معذوری نہیں اور "فرینڈز"
نے یہ اخبار نکال کر پاکستانی تارکین وطن کی
بہت بڑی خدمت کی ہے، اور یہ خدمت ایک
صدقہ جاریہ ہے،

پاکستان نے دسمبر ۷۱ء کے پرآشوب
دور کے بعد ایک نئی زندگی پائی ہے، ملک
میں مغرب کی مادیت اور مشرق کی روحانیت
کے امتزاج کا تجربہ کیا جارہا ہے،

یہ اسلام کے اقتصادی نظریے
کے نفاذ کا تجربہ ہے، پاکستان میں تعمیر و
ترقی کی جدوجہد شروع ہو چکی ہے،
اس مقصد کے لیئے مقامی اخبارات کا
ذریعہ مناسب نہیں، اس ملک کے
اخبارات کی جو پالیسی ہے وہ سب پر واضح
ہے،

اس کے لیئے "صدائے پاکستان"
ایسے اخبار کی ضرورت تھی، مجھے یقین
ہے کہ پاکستانی تارکین وطن اس اخبار
میں اپنے آبائی وطن کی خوشبو پا کر اس
کی سرپرستی ضرور کریں گے، اور یہ بہت
جلد اظہار خیال کا ایک معیاری وسیلہ
بن جائیگا،

اکمل علیمی -
۲۱۲۲ پی سٹریٹ، شمال مغربی
واشنگٹن،

عزیز دوستو،

آپ نے صدائے پاکستان کے ذریعہ سے
پاکستانیوں کو ایک مرکز پر جمع کرنے کا جو نیک
کام شروع کیا ہے، اس پر میں آپکو مبارک
باد پیش کرتا ہوں -

ماضی میں مختلف حکومتوں کی عائد کردہ
پابندیوں کی وجہ سے ملک عزیز سے صحیح
خبریں ہم تک نہ پہنچتی تھیں، اب جب کہ
"جمہوری حکومت" نے ہمارا جمہوری حق ایک
آزاد پریس بحال کرنے کا وعدہ کیا ہے،
تو ہمیں اپنے مسائل کا تفصیلی جائزہ لینا
چاہیئے اور اس کے بعد تعمیری تجاویز پیش
کرنی چاہیئں - اس میں صحت مند تنقید
کا عنصر بھی شامل ہو تو کوئی مضائقہ نہیں
مجھے مکمل یقین ہے کہ ہمارے درمیان
بہت سے باصلاحیت لوگ شامل ہیں،
ہمیں ان کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیئے تاکہ
وہ پاکستان کے مسائل کے متعلق
تجزیاتی مقالے پیش کر سکیں —
اب تک صدائے پاکستان کا معیار
بہتر سے بہتر ہوتا جارہا ہے، میرا خیال ہے
زیادہ سے زیادہ پاکستانیوں کی
شمولیت سے یہ پاکستان کا نمائندہ
اخبار بن جائیگا، انشاءاللہ

والسلام
جمیل رشید
سکاربرو،

مکرمی

اچانک کل کسی طرح آپکا شائع کردہ جریدہ
ہاتھ آگیا، جو ایک خصوصی شمارہ اقبال پر تھا،
دیکھ کر از حد خوشی ہوئی کہ مجھے معلوم نہیں کہ آپ
کتنے عرصہ سے یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں،
بہر حال یہ فریضہ نیک سرانجام دینے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں، فلو ممتاز احمد

خطوط "مجلس ادارت پوسٹ آفس بکس
سٹیشن ڈی، ٹرانٹو" کے پتہ پر روانہ کریں
اس کے علاوہ بھی اگر آپ صلائے عام کے
تحت کچھ لکھنا چاہیں تو ہم تک لکھ کر پہنچائیے،

صلائے عام

آجکل پاکستان مالی طور پر جس بحران میں
مبتلا ہے اس سے کوئی ذی شعور پاکستانی بے خبر
نہیں، مستقبل قریب میں حالات سدھرنے
کے امکانات اتنے روشن نہیں،

وطن عزیز میں جب بھی حالات بگڑتے ہیں
ہر طرف سے بیمار زار کے لیئے عبوری نوعیت
کے علاج تجویز کیئے جاتے ہیں، پر بھی وقت
گزرنے کے ساتھ فروگزاشت کر دیئے
جاتے ہیں،

حالات کا تقاضا ہے کہ اس مسئلہ کا
کوئی مستقل حل تلاش کیا جائے جو دور رس
نتائج کا حامل ہو، اس سلسلہ میں حکومت
پاکستان کو یہ تجویز پیش کی جاتی ہے کہ
اندرون اور بیرون ملک بچت اور سرمایہ کاری
کے لیئے Saving and Investment Bonds
جاری کیئے جائیں، تاکہ پاکستانی اور دیگر
خواہش مند حضرات حسب خواہش
انہیں خرید سکیں، یہ بونڈ ہر ملک میں
آسانی سے خریدے اور بیچے جاسکتے ہوں
ان کی (Maturity) میعاد ۲۰ سال تک
رکھی جاسکتی ہے،
تمام پاکستانی جو غیر ممالک میں مقیم ہیں
وہ اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے
اور اس طرح ہم وقت معقول زرمبادلہ
مہیا ہوتا رہے گا، جو ملکی تعمیر و ترقی
میں خرچ کیا جائیگا —
اس سے غیر ملکی امداد پر انحصار بھی کم
ہو جائیگا،

جہاں زیب، علمت فاروقی

صلائے عام میں آپ ملکی تعمیر و ترقی
کے موضوع پر اظہار خیال کر سکتے ہیں،
ادارہ

پھول اور کانٹے

از لطیف ادیبی

مورخہ ۲۷ مئی ۱۹۷۲ء کو فرینڈز آف پاکستان کی جانب سے
"علم انسانیت" کی نمائش کا اہتمام کیا گیا،
اس کا مقصد نہ صرف پاکستان دفاعی فنڈ اور اخبار کے
جملہ اخراجات کی فراہمی تھا، بلکہ وطن عزیز سے دور پاکستانی
بہن بھائیوں کو اکٹھا کرنا تھا، (Bloor Colligiate) میں
مسکراتے چہرے، رنگارنگ ملبوسات اور معصوم پاکستانی
بچوں کے قہقہے اور شگوفے اس بات کا مظہر تھے کہ
پاکستان کے نام سے اکٹھے ہونے والے حب الوطنوں
کی کمی نہیں،

فرینڈز آف پاکستان ان زندہ دلان کے تہہ دل
سے شکرگزار ہیں —

جہاں تک علم کی نمائش کا تعلق ہے، اس میں
پروجیکٹر کی خرابی، سکول کے عملہ کی بدنظمی اور "فرینڈز"
کی ناتجربہ کاری اور کسی حد تک کاہلی نے خاصی بدمزگی
پیدا کر دی، جس کے لیئے ہم سب بہن بھائیوں
سے معذرت خواہ ہیں، ہم اس موقع پر وعدہ کرتے
ہیں کہ آئندہ کسی شکایت کا موقع نہیں دیں گے،
انشاءاللہ

۱۰ جولائی ۱۹۷۲ء بعد شام فرینڈز ہال میں شام
۷ بجے پاک و ہند کی مشہور افسانہ نگار
واجدہ تبسم کے ساتھ ایک شام منائی جارہی
ہے، اس سلسلہ میں راقم الحروف سے رابطہ قائم کریں،
ٹیلی فون ۸۲/۱۲۲

کرتے تھے بہت چاک گریباں کی شکایت
لوگوں کی گلشن میں زباں سلگنے لگی ہے،
اتنے تو تھکے افلاک کی گردش سے پریشاں
اب پاؤں کے نیچے بھی زمیں ملنے لگی ہے،

نہ کوئی مونس دل ہے نہ کوئی دشمن جاں
پرائے دیس میں رہتا ہوں اجنبی کی طرح
نہ جانے کب سے نہیں تک رہا ہوں انسان!
کبھی تو بات کرو ہم سے آدمی کی طرح
انہوں نے آج نکالی ہے دشمنی ہم سے
کہ جن سے ڈالی تھی کل ہم نے دوستی کی طرح،
عابد اللہ غازی، ہارورڈ، امریکہ

بقیہ از صفحہ ۲

میں اصل مطلب فوت ہوگیا۔ اب مسلمان کے ساتھ اسلام بے شک منسلک ہے۔ مسلمان ہونے کے اعتراف کے ساتھ شریعت اسلام کی پابندی لازم ہوجاتی ہے۔ لیکن تاریخی حقیقت یہ ہے کہ پاکستان مسلمانوں کے نام پر، مسلم قومیت کے ادعا پر چلائی گئی تھی۔ مسلم قومیت سراسر سیاسی اصول تھا، پاکستان، مسلم تشخص کے قیام پر بنا تھا۔ مسلمان اور پاکستان ہم معنی نام تھے۔ یہی نظریہ پاکستان تھا۔ اب اس نظریے کا کیا ہوا؟ پچھلے ۲۵ برسوں میں جو المناک منظر ہمارے سامنے آیا ہے وہ یہ ہے کہ مسلم تشخص تو زائل ہوگیا اور اس کی جگہ بنگالی، پنجابی، سندھی، پٹھان اور بلوچ نے لے لی۔ بالفاظ دیگر ہم نے نظریہ پاکستان کو قائم نہ رکھا۔ اب اگر بنیاد ہی ڈھا دی جائے تو عمارت کیسے کھڑی رہ سکتی ہے؟ اگر دنیا نے بنگلہ دیش کو تسلیم کیا تو اسی لئے کہ وہ سمجھتی ہے کہ ہماری قومیت کی ریڑھ کی ہڈی ٹوٹ گئی ہے اور ہم نظریہ پاکستان پر قائم نہیں رہے اور اس کے نزدیک تو مغربی پاکستان بھی کچھ دنوں کا مہمان ہے۔ دوسروں سے ناراض ہونے کی بجائے ہمیں اپنے دامن پر نگاہ ڈالنی چاہیئے۔

مسئلہ بالکل سیدھا ہے۔ کیا ہم اپنے اس تشخص کا احیاء چاہتے ہیں جس کی بنا پر ملک قائم ہوا تھا؟ کیا ہم اس کے احیاء کے اہل رہ گئے ہیں؟ دوسرے الفاظ میں کیا ہم ملک کا تمکن چاہتے ہیں اور اس کے دفاع کے قابل ہیں۔؟ پاکستانی قوم نے نظریے کا نام لے کر اپنے آپ کو بہت بڑی آزمائش میں ڈالا تھا کہ پھر اس پر نظریے کے قیام کی ذمہ داری عائد ہوگئی تھی یعنی اس پر فرض ہوگیا تھا کہ وہ مسلسل اور ہمیشہ اپنے ذہن کو ایمان کی روشنی سے مجلا رکھے۔ اب ذہن تاریخ اور جغرافیے کی طرح جامد چیز نہیں۔ یہ بدلتا رہتا ہے۔ وہ نئے اثرات قبول کرسکتا ہے تو پرانی روایات محو کرسکتا ہے۔ اگر پاکستان میں اشتراکیت کا جو سراسر الحاد پر مبنی ہے، نعوذ باللہ نفوذ ہوا تو اس کا مطلب ہے کہ ہماری تدریس میں کچھ رخنہ رہ گیا، اگر مسلم تشخص کی جگہ علاقائی عصبیت نے لی تو ظاہر ہے کہ ہماری سیاسی فضا کسی اہم قدر سے عاری ہوگئی۔ ہماری منافقت کا تو یہ حال ہے کہ نام اسلام کا لیتے ہیں لیکن عملاً طریق کار ایک قبائلی کا اختیار کرتے ہیں۔ فلسطین کی جنگ کرنے کو تیار ہیں لیکن وطن عزیز میں ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہیں۔ آج بنگلہ دیش میں کیا ہو رہا ہے۔ حالانکہ مسلمان کے نام پر پاکستان بنا تھا تو اس کی یہ بھی ایک رمز تھی کہ شاید ہماری مثال سے عالم اسلامی بھی اس نام کو اپنا کر ایک ہو جائے، عرب قومیت نے عربوں کو متحد نہیں کیا تو شاید وہ مسلمان بن کر اپنے دشمنوں کے خلاف ایک صف میں کھڑے ہو جائیں۔ ۱۹۳۸ء میں، میں قائداعظمؒ کی معیت میں علامہ اقبال کے مزار پر فاتحہ خوانی کے لئے گیا تو انہوں نے علامہ کی اسلامی شاعری کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ پاکستان عالم اسلام کے اتحاد کی کنجی ثابت ہوگا۔ میں اس بات کا معترف ہوں کہ ہزار کمزوریوں اور خامیوں کے باوجود پاکستانی مسلمان رہنے پر مصر رہیں گے اور اس لئے ان کے لئے اپنا کھویا ہوا مسلم تشخص دوبارہ اپنانا مشکل نہ ہوگا۔ لیکن کوشش کے بغیر یہ مہم سر نہ ہوگی اور کوشش کے عمل کی پہلی شرط نظریئے کا صحیح ادراک ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ صدر صاحب محض دلیل بازی کے لمحاتی جوش میں دو اور تین کے حساب میں الجھ گئے۔ اس سے غرض نہیں کہ برصغیر میں ایک قوم جنم لیتی ہے یا نہیں، اصل چیز یہ ہے کہ بنگلہ دیش سے مسلم قومیت کا نظریہ دو نیم ہوگیا اس نظریئے کی از سر نو تقویم کا تقاضا ہے کہ بنگلہ دیش کو تسلیم نہ کیا جائے۔ بنگلہ دیش کو آزاد مملکت ماننے سے تو اپنے مدار سے ہٹ جائے گی اور اتحاد کی تمام امیدیں خاک میں مل جائیں گی۔ آج ہماری قوت ارادی کا امتحان ہے۔ اس دور میں سب ہٹ جائیں گے باقی وہ رہ جائے گا جو قائم اپنی ضد پر ہے اور پکا اپنی ہٹ کا ہے۔

زیڈ۔ اے۔ سلیری

★ ★ ★

قابل رحم قوم

میرے دوستو! رہ گیر سے ہمراہیو!

قابل رحم ہے وہ قوم جس کے پاس عقیدے تو بہت ہیں لیکن دل ایمان سے خالی ہے۔

قابل رحم ہے وہ قوم جو جلوس نکلنے والے کو ہیرو بنالیتی ہے اور چمکتے ہوئے اسلحہ سے مزین فاتح کو دریا دل سمجھتی ہے۔

قابل رحم ہے وہ قوم جو ہوس سے خوابوں میں نفرت تو کرتی ہے لیکن بیداری میں اس کا شکار ہوجاتی ہے۔

قابل رحم ہے وہ قوم جس کے لیڈر لومڑی کی طرح مکار ہیں جس کے فلسفی شعبدہ بازی کرتے ہیں اور جس کا فن صرف بھانڈوں اور نقالوں کا فن ہے۔

قابل رحم ہے وہ قوم جو اپنے نئے حکمران کا استقبال باجے بجا کر کرتی ہے اور انہیں آوازے لگا کر رخصت کرتی ہے، تاکہ پھر باجے بجا کر کسی نئے حکمران کا استقبال کرسکے۔

قابل رحم ہے وہ قوم جس کے اہل دانش کو ماہ و سال نے گونگا بنا دیا ہے اور جس کے سورما ابھی گہواروں میں پل رہے ہیں۔

قابل رحم ہے وہ قوم جس کے ٹکڑے ٹکڑے ہوگئے ہیں اور ہر ٹکڑا اپنے آپ کو ایک قوم سمجھ رہا ہے۔

(ماخوذ) خلیل جبران

فرمودہ قائد اعظمؒ

ہمارا کوئی دوست نہیں ہے۔ ہمیں نہ انگریز پر بھروسہ ہے نہ ہندو بنیے پر، ہم دونوں کے خلاف جنگ کریں گے خواہ وہ آپس میں متحد کیوں نہ ہو جائیں۔

اجلاس عام پشاور
۲۴ر نومبر ۱۹۴۵ء



نہ ہو طغیانِ مشتاقی تو میں رہتا نہیں باقی
کہ میری زندگی کیا ہے؟ یہی طغیانِ مشتاقی
مجھے فطرت نوا پر پے بہ پے مجبور کرتی ہے
ابھی محفل میں ہے شاید کوئی درد آشنا باقی
وہ آتش آج بھی تیرا نشیمن پھونک سکتی ہے
طلب صادق نہ ہو تیری تو پھر کیا شکوہ ساقی

(بال جبریل)

ایشیائی شاہراہ عظیم کا منصوبہ

راولپنڈی ۱۲ مئی (پ پ) ایشیائی شاہراہ عظیم کا دیرینہ خواب اب عملی طور پر قریب قریب پورا ہونے والا ہے۔ ایشیائی شاہراہ کے دو حصے اے ون اور اے ٹو علی الترتیب ۹۴ اور نوے فیصد مکمل ہوگئے ہیں۔ ان میں سے پہلا حصہ جو ایران سے لے کر جنوبی ویت نام تک پھیلا ہوا ہے دس ہزار آٹھ سو کلو میٹر اور دوسرا حصہ روٹ اے ٹو ۱۲ ہزار ۸۹۵ کلو میٹر لمبا ہے۔ اقوام متحدہ کے اقتصادی کمیشن برائے ایشیا اور مشرق بعید (جس کی ۲۵ ویں سالگرہ مئی جون میں منائی جا رہی ہے) کی حالیہ رپورٹ کے مطابق اے ون روٹ باذرجان (ایران، ترکی سرحد) ایران، افغانستان، پاکستان، بھارت، برما، تھائی لینڈ، جمہوریہ خمیر اور جنوبی ویت نام تک پھیلا ہوا ہے اور سائیگان پر جاکر ختم ہوتا ہے۔ اس شاہراہ کے جس حصے کی تعمیر کا کام باقی ہے وہ بھارت اور تھائی لینڈ کے درمیان ہے جہاں چھ بڑے بڑے پل ابھی تعمیر کئے جانے ہیں۔ دوسرا حصہ اے ٹو قصر شیریں (ایران، عراق سرحد) سے شروع ہوتا ہے۔ اور ایران، پاکستان، بھارت، نیپال، برما، تھائی لینڈ، ملائشیا، سنگاپور اور کشتی کے ذریعہ انڈونیشیا سے گزرتا ہے، تقریباً نوے فیصد مکمل ہوگیا ایشیائی شاہراہ کا عظیم منصوبہ اکافے نے ۱۹۵۹ء میں بنایا تھا۔

★ ★ ★

حکومت غریب عوام کو روزگار فراہم کرے گی!

صوبائی وزیر صنعت کا بیان

دادو ۲۲ مئی (نامہ نگار) صوبائی وزیر صنعت حاجی قاسم عباس پٹیل نے کہا ہے کہ غریب عوام کو روزگار کی فراہمی کے لئے ضلعی سطح پر گھریلو صنعتیں قائم کی جائیں گی۔ وہ لاڑکانہ سے کراچی جاتے ہوئے پریس کلب میں اخباری نمائندوں سے بات چیت کر رہے تھے انھوں نے کہا کہ حکومت نیوز پرنٹ کے مسئلے سے باخبر ہے اور ضلع حیدرآباد میں ۱۵ کروڑ روپے کی لاگت سے کاغذ کا کارخانہ قائم کرنے کے مسئلہ پر سنجیدگی سے غور کر رہی ہے۔ اس کے علاوہ ٹھٹھہ کے مقام پر ایک سیمنٹ کا کارخانہ قائم کرنے کے سلسلے میں بھی مناسب کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

فرینڈز آف پاکستان کی جانب سے زندہ دلانِ پاکستان کو دعوت عام،

ہم سب وطن عزیز کی خدمت کس طرح کر سکتے ہیں؟ آپ کے ذہن میں اس کے لیئے کیا منصوبے ہیں، دل میں کیا امنگیں ہیں؟ آپ ان کا اظہار کرنا چاہتے ہیں، درد دل رکھنے والے ہم وطن لوگوں تک پہنچانا چاہتے ہیں، تو فرینڈز آف پاکستان کی جانب سے دعوت عام ہے،

۳ر جون ۷۲ء بروز ہفتہ ۵ بجے شام — وائی، ایم، سی، اے ہال کالج سٹریٹ ٹورانٹو میں تشریف لائیں،

دیر میں ولی خاں اور اُن کے ساتھیوں پر فائرنگ دو افراد ہلاک سات زخمی

نیپ کے ساتھیوں نے ولی خان کے ساتھی خان جندول کو اپنے علاقہ سے گذرنے کی اجازت دینے سے انکار کر دیا

۲ گھنٹے کی مسلسل فائرنگ کے بعد ولی خاں کو واپس آنا پڑا

پورے گاؤں پر اجتماعی جرمانہ اور مجرموں کے خلاف سخت کارروائی کا حکم

پشاور ۱۱ رمئی (نمائندہ جنگ) دیر کے علاقہ میران میں نیشنل عوامی پارٹی کے جلسہ عام کے لئے خان عبدالولی خان خان جندول صوبائی وزیر اطلاعات محمد افضل خان ریٹائرڈ جنرل جیلانی اور ان کے ساتھیوں پر مسلسل ڈیڑھ گھنٹے تک فائرنگ کی گئی۔ خان عبدالولی خان اور ان کے ساتھی خان محمد خان کی جانب سے دی جانے والی دعوت میں شرکت کے لئے میران سے ڈیڑھ میل دور بنڈی کے علاقہ میں جا رہے تھے اس فائرنگ سے دو افراد ہلاک اور سات شدید زخمی ہو گئے معلوم ہوا ہے کہ ولی خان جب میران میں نیپ کے جلسہ میں شرکت کے لئے پہنچے تو جلسہ سے پہلے جلسہ گاہ کے سامنے بہت سے مسلح افراد جمع تھے۔ ان مسلح افراد نے ایک پہاڑ کو باقاعدہ مورچہ بنا کر یہ اعلان کر دیا تھا کہ اگر خان جندول اس علاقہ سے گزرا تو وہ اسے ہلاک کر دیں گے جلسہ کے دوران بھی یہ علاقہ محصور رہا۔ چنانچہ جلسہ کے بعد ضلعی حکام کی کوشش سے ان عناصر کے رضاکاروں کا ایک جرگہ طلب کیا گیا۔ جرگے کے لوگوں نے کہا کہ انہیں خان عبدالولی خان اور محمد افضل سے کوئی اختلاف نہیں لیکن خان جندول جو نیپ کے رکن بھی ہیں اور جنہیں ولی خان کی کوششوں سے جیل سے رہا کیا گیا ہے وہ اس علاقہ سے نہیں گزر سکتے۔ اگر وہ اس علاقہ سے گزرے تو ان کی لاش ہی جائے گی۔ اس سلسلہ میں تین بار جرگہ ہوا لیکن تینوں مرتبہ جرگہ کے ارکان نے اس بات کی مخالفت کی کہ خان جندول کو اس راستہ سے نہیں گزرنے دینگے۔ کیونکہ خان جندول نے ان پر بڑے ظلم ڈھائے ہیں اور وہ انتقام لینے کا عہد کر چکے ہیں جرگے سے بات چیت کا سلسلہ کم و بیش دو گھنٹے جاری رہا بالآخر یہ فیصلہ ہوا کہ ان کی ضد کے باوجود ولی خان کی زیر قیادت خان جندول اور تمام دیگر افراد دعوت میں شرکت کے لئے جائیں گے۔ ولی خان صوبائی وزیر اطلاعات اور ریٹائرڈ جنرل جیلانی ایک سرکاری کار میں جس پر قومی پرچم لہرا رہا تھا۔ جب میران سے قنبر کی طرف روانہ ہوئے تو ایک فرلانگ کے فاصلہ پر پہاڑ کی دوسری جانب سے زبردست فائرنگ شروع ہو گئی فائرنگ کا یہ سلسلہ ڈیڑھ گھنٹے تک کبھی تیز اور کبھی ہلکی رفتار سے جاری رہا۔

ردِ عمل:۔ فائرنگ کے موقع پر موجود سینکڑوں افراد نے مختلف تبصرے کئے ایک شخص نے کہا کہ اگر ولی خان خان جندول کے دقار کو اپنے وقار کا مسئلہ نہ بناتے تو یہ کشیدہ صورت حال نہ ہوتی ایک معمر شخص نے کہا کہ ولی خان نے جو کچھ کیا اچھا کیا کیونکہ یہ کھلی بغاوت ہے کہ ایک وزیر کی کار جس پر قومی پرچم لہرا رہا ہو اسے آگے چلنے سے روکا جائے اور رکاوٹیں کھڑی کر کے ان کی کار پر فائرنگ کی جائے ایک اور شخص نے کہا کہ ولی خان کو اس جاگیردار کی حمایت نہیں کرنی چاہیے اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ نیپ سرمایہ داروں کو تحفظ دے رہی ہے اور جاگیر داروں کو ناؤ پر سوار رکھے ہوئے ہے کچھ لوگوں کا کہنا تھا کہ ولی خان ثابت قدم نہ ہوتے تو اس سے ان کا وقار متاثر ہوتا اس سلسلے کے بہت سے بچے جو ساتویں سے دسویں تک زیر تعلیم تھے کہنے لگے کہ جاگیردار جندول نے ہم پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑے ہیں اور اب وہ ولی خان کا سہارا لیکر ہم پر دوبارہ مسلط ہونا چاہتا ہے کچھ لوگوں نے اسے ضلعی انتظامیہ کی کمزوری قرار دیا۔

رفیق سہگل پی آئی اے کے منیجنگ ڈائریکٹر ہو گئے

راولپنڈی ۱۱ رمئی (اے پ پ) آج یہاں جاری ہونے والے وزارت دفاع کے ایک اعلان کے مطابق میاں محمد رفیق سہگل کو فوری طور پر پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز کارپوریشن کا منیجنگ ڈائریکٹر مقرر کیا گیا۔

بہاریوں پر ظلم ختم نہ ہوا تو بنگلہ دیش ختم ہو جائیگا

بھارت اہم کردار ادا کر سکتا ہے: برطانوی اخبار کا اداریہ

لندن ۱۱ رمئی (نمائندہ جنگ) بنگلہ دیش میں بہاریوں کے قتل عام کی مذمت کرتے ہوئے ٹائمز نے شیخ مجیب اور اس کے سرپرست بھارت کو متنبہ کیا ہے کہ اگر بہاریوں کا قتل عام بند نہ کرایا گیا تو بنگلہ دیش ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے گا انھوں نے کہا کہ اگر بنگلہ دیش غیر ممالک سے انسانیت کے جذبے کی توقع رکھتا ہے تو اس کو خود بنگلہ دیش میں غیر انسانی حرکتیں ختم کرنی ہونگی ٹائمز اپنے اداریے میں لکھتا ہے کہ بے یار و مددگار بہاریوں کے حق میں بھرپور احتجاج کیا جانا چاہیئے۔ بھارت کی حیثیت کا ذکر کرتے ہوئے اخبار نے لکھا ہے کہ بھارت اپنے اثر و رسوخ کے ذریعہ بنگلہ دیش میں مقیم غیر بنگالیوں کی جان و مال کے تحفظ کے سلسلے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے کیونکہ بنگلہ دیش کے وجود میں لانے کے سلسلے میں بھارت پیش پیش رہا ہے لہٰذا وہاں کے شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے سلسلے میں بھی مناسب کارروائی بھارت کے فرائض میں داخل ہے بنگلہ دیش کے سلسلے میں اپنے نمائندے کی تفصیلی رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے اخبار نے لکھا ہے کہ ٹائمز کے نمائندہ مسٹر پیٹر کی رپورٹ بنگلہ دیش میں غیر بنگالیوں کے ساتھ پیش آنے والے سانحہ کے متعلق عالمی برادری کو متوجہ کرنے کے لئے معاون ثابت ہوگی مسٹر پیٹر نے گذشتہ ہفتہ برطانوی اشن کے بہاریوں کے کیمپوں کے دورے کی تفصیلات روانہ کی ہیں بہاریوں کے لئے دوائیں اور خوراک کی تقسیم کا انتظام بین الاقوامی ریڈکراس کے بجائے بنگلہ دیش ریڈکراس کے سپرد کئے جانے کے بعد صورت حال اور زیادہ بگڑ گئی ہے اعداد و شمار کے مطابق بین الاقوامی ریڈکراس کے مقابلہ میں بنگلہ دیش ریڈکراس بہت کم مقدار میں راشن سپلائی کر رہا ہے جس کی وجہ سے غیر بنگالیوں کا زیادہ عرصہ تک زندہ رہنا محال ہو گیا۔

بنگلہ دیش میں حریت پسند تحریک زور پکڑ گئی

راولپنڈی ۱۱ رمئی (اے پ پ) اگرچہ بھارت نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کی فوج کا آخری سپاہی بھی بنگلہ دیش سے جا چکا ہے لیکن اب بھی اس کی مکمل دو ڈویژن فوج چاٹگام کے پہاڑی علاقوں میں محب وطن بنگالیوں کے خلاف کارروائی میں مصروف ہے یہ بنگالی آبادی مسلم بنگال کی عظمت کو دوبارہ بحال کرنے اور مسلم بنگال کو پاکستان کا الٹ حصہ بنانے کے لئے سر سے کفن باندھ کر میدان میں نکل آئے ہیں۔ ان بنگالی سرفروشوں کے پوشیدہ ٹھکانے بھارتی فوج کا نشانہ ہیں۔ باوثوق ذرائع کے مطابق اب ان کی سرگرمیاں بتدریج بڑھ کر دیہی اور شہری علاقوں میں پھیل گئی ہیں۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ بھارت کے برسر اقتدار لائے ہوئے ڈھاکہ کے حکام نے بھارتی حکومت سے ایک خفیہ معاہدہ کیا ہے جس کے تحت انھوں نے حالیہ جنگ میں بھارت کے نقصانات کے معاوضہ کے طور پر سات سو کروڑ روپیہ اور پاکستانی فوج کا مکمل اسلحہ ساز و سامان فوجی گاڑیاں وغیرہ بھارت کو دینے پر آمادگی ظاہر کر دی ہے۔



خاردار تاروں کی قید اُن کے جذبہ ایمانی کو متزلزل نہ کر سکی

اُن کا جذبۂ حُب الوطنی اور اُن کی جفاکشی اب بھی دشمن کے لئے قابل رشک ہے

کراچی ۱۱ رمئی (نمائندہ خصوصی حافظ محمد اسلام) بھارت سے تاخیر کے ساتھ موصولہ اطلاعات کے مطابق پاکستانی جنگی قیدیوں میں جذبہ ایمانی سے سرشار وہ نوعمر لڑکے بھی شامل ہیں جنہوں نے مقدس وطن کے دفاع کی خاطر گزشتہ بھارتی جارحیت کے دوران اسکولوں کو خیرباد کہہ کر میدان کارزار کا رخ کیا تھا تاکہ حملہ آوروں کو ان کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دے سکیں لیکن بدقسمتی سے وہ اب جنگی اسیر ہیں لیکن اس کے باوجود ان کے جذبہ حب الوطنی میں کوئی کمی نہیں آئی اطلاعات کے مطابق یہ لڑکے جنکی صحیح تعداد معلوم نہیں ہو سکی بھارت کے مغربی سیکٹر کے ایک کیمپ کے ۱۲۰۰ جنگی قیدیوں میں شامل ہیں اسی کیمپ میں پاکستان کے عالمی شہرت یافتہ کھلاڑی ۴۰ سالہ صوبیدار عبدالخالق بھی شامل ہیں جنھوں نے ۱۹۵۴ء کے بین الاقوامی کھیلوں کے مقابلہ منعقدہ منیلا میں اور پھر ۱۹۵۸ء کے بین الاقوامی کھیلوں کے مقابلہ منعقدہ ٹوکیو میں ایک سو میٹر کی دوڑ میں طلائی تمغے حاصل کئے تھے۔

موصولہ اطلاعات کے مطابق نوعمر لڑکوں کے سوا سب ہی پاکستانی اسیران جنگ داڑھی رکھتے ہیں اور بلا تخصیص تمام جنگی قیدی مذہب سے گہرا شغف رکھتے ہیں۔

مذکورہ جنگی قیدیوں کے کیمپ کے اطراف دور دور تک خاردار تار کے قد آدم جال لگائے گئے ہیں اور اطراف میں بھارتی فوجی پولیس کا مسلح پہرا لگا رہتا ہے۔

پاکستانی قیدیوں پر فرار کا الزام

بھارتی ریڈیو کی ایک اور من گھڑت

کراچی۔ ۱۵ رمئی (ریڈیو رپورٹ) آل انڈیا ریڈیو نے دعویٰ کیا ہے کہ پاکستان کے کچھ جنگی قیدیوں نے گذشتہ دنوں قیدی کیمپ سے فرار ہونے کی جو کوشش کی تھی اسے ناکام بنا دیا گیا ہے اور انہیں فرخ آباد سے بیس میل دور گرفتار کر لیا گیا ہے۔

سرحد اور کراچی میں دو ایٹمی ری ایکٹر لگائے جائینگے

لاہور ۱۵ رمئی (اے پ پ) پاکستان اٹمی توانائی کمیشن بجلی کی پیداوار میں اضافہ کے لئے صوبہ سرحد اور کراچی میں دو ری ایکٹر لگانے کا منصوبہ بنا رہی ہے۔ کمیشن کے چیئرمین مسٹر منیر احمد نے ریڈیو پاکستان کو ایک انٹرویو دیتے ہوئے بتایا کہ سرحد کا ری ایکٹر پانچ لاکھ کلو واٹ اور کراچی کا ری ایکٹر چار لاکھ کلو واٹ بجلی پیدا کرے گا۔

مشرقی پاکستان میں

جماعت اسلامی کے واحد رکن اسمبلی شہید

لاہور ۱۱ رمئی (اے پ پ) جماعت اسلامی کے ایک پریس ریلیز کے مطابق گزشتہ عام انتخابات میں مشرقی پاکستان کی اسمبلی کے لئے جماعت اسلامی کے ٹکٹ پر منتخب ہونے والے واحد ممبر مولانا عبدالرحمٰن فقیر کو نام نہاد بنگلہ دیش حکومت کے ایجنٹوں نے شہید کر دیا ہے پریس ریلیز میں مصدقہ ذرائع کے حوالہ سے بتایا گیا ہے کہ مولانا عبدالرحمٰن مشرقی بنگال میں ایک علیحدہ صوبہ بنانے کی تحریک کے کنوینر تھے وہ جماعت اسلامی ضلع بوگرہ کے سربراہ اور جماعت کی مرکزی شوریٰ کے رکن تھے

پاکستان کا خبرنامہ

مسئلہ کشمیر کا واحد حل حق خود ارادی ہے؛ صدر بھٹو

بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے سے قبل شیخ مجیب سے ملاقات ضرور کروں گا، جرمن اخبار کو انٹرویو

پنجاب سرحد کو اور سندھ بلوچستان کو گندم دیا کرے گا

کوئٹہ میں آج یہاں گورنروں کی کانفرنس

کوئٹہ ۹ مئی (نمائندہ جنگ) آج یہاں گورنروں کی کانفرنس میں فیصلہ کیا گیا کہ صوبہ سرحد اور بلوچستان کو غلہ فراہم کرنے کا فیصلہ کیا۔ ترجمان نے بتایا کہ حکومت پنجاب نے صوبہ سرحد کو فوری طور پر سرکاری سطح پر دس ہزار ٹن گندم فراہم کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس کے علاوہ بلوچستان کو بھی سندھ سے پرمٹ پر ۲۵ ہزار ٹن گندم مہیا کیا جائے گا۔ کانفرنس میں فیصلہ کیا گیا کہ خود مختار اور نیم خود مختار اداروں اور محکمہ خارجہ کی ملازمتوں میں بلوچستان اور سرحد کو مناسب نمائندگی دی جائے گی اور یہ نمائندگی کوٹہ سسٹم کی بنیاد پر ہوگی اس فیصلہ پر عملدرآمد کے لئے غیر جانبدارانہ بنیاد پر طریقۂ کار کا تعین بعد میں کیا جائے گا۔ ترجمان نے بتایا کہ کانفرنس میں سندھ اور بلوچستان کے درمیان آب پاشی کے مسائل پر تفصیل سے غور کیا گیا اور فیصلہ کیا گیا کہ آب پاشی سے متعلق تمام مسائل سندھ اور بلوچستان کے درمیان باہمی مذاکرات کے ذریعے طے کئے جائیں گے۔ اور اس سلسلے میں دونوں صوبوں کے جائز مفادات کا خیال رکھا جائے گا۔ ترجمان نے بتایا کہ صوبہ سرحد کے گورنر نے ریڈیو اور جنرل ٹیلیفون اور ٹی ایک کی سہولتوں کی غیر موجودگی کا سوال اٹھایا۔ مرکزی حکومت نے یہ سہولتیں فراہم کرنے پر آمادگی ظاہر کی اور حکومت صوبہ سرحد سے کہا کہ وہ اس سلسلے میں تفصیلات مہیا کرے۔ اس کے علاوہ بلوچستان میں بجلی کی پیداوار اور فراہمی میں اضافہ کرنے کی ضرورت کا مسئلہ بھی زیر غور آیا۔ کانفرنس نے اس سلسلہ میں بلوچستان کی حکومت کو رسمی طور پر جامع منصوبہ پیش کرنے کی ہدایت کی ہے اس کے علاوہ حکومت بلوچستان نے صوبے میں علیحدہ ٹیلیویژن اسٹیشن کے قیام کا مطالبہ کیا۔ کانفرنس نے اس مطالبہ پر غور کرنے کے بعد فیصلہ کیا کہ اس وقت علیحدہ ٹیلیویژن اسٹیشن کا قیام ممکن نہیں ہے۔ البتہ بوسٹر اسٹیشن قائم کر کے بلوچستان میں ٹیلیویژن کی سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ کانفرنس میں چاروں صوبوں میں امن و امان کی صورتحال پر غور کیا گیا اور چاروں صوبوں کے درمیان قریبی رابطہ کی ضرورت پر زور دیا۔ کانفرنس میں قیمتوں کو مناسب سطح پر رکھنے کے لئے ضروری اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔ یہ کانفرنس ساڑھے تین گھنٹے سے زائد عرصہ تک جاری رہی۔

میر عبدالقیوم اور مقبول بٹ کی طرف سے الزامات کی تردید

لاہور ۸ مئی (پ پ ا) بھارتی طیارہ گنگا کے مقدمہ کی سماعت کرنے والے خصوصی ٹریبونل نے آج قومی محاذ آزادی کے ممبر میر عبدالقیوم اور جموں و کشمیر محاذ رائے شماری کے صدر مسٹر مقبول بٹ کے بیانات قلمبند کئے ان پر بھارتی ایجنٹوں کے طور پر کام کرنے اور بھارتی انٹیلیجنس کو خفیہ اطلاعات فراہم کرنے کے الزامات ہیں۔ دونوں ملزموں نے اپنے خلاف الزامات سے انکار کیا۔ انہوں نے اس سے بھی انکار کیا کہ گنگا کا اغوا پاکستان کے خلاف سازش تھی انہوں نے اس کی بھی تردید کی کہ انہوں نے دشمن کو کسی قسم کی خفیہ اطلاعات فراہم کی تھیں۔ میر عبدالقیوم نے کہا کہ انہیں گنگا کے اغوا کے بارے میں اس وقت تک علم نہیں تھا تاوقتیکہ یہ اغوا کا واقعہ ہوا نہیں گیا تھا۔ اس نے کہا کہ پولیس کو تشدد کے تحت اقبالی بیان دیا تھا۔ مقدمہ کی سماعت ۱۱ مئی تک ملتوی کر دی گئی۔

یونیورسٹی آرڈیننس منسوخ کر دیا گیا

بیروزگار تعلیم یافتہ افراد کے اندراج کیلئے مراکز کا قیام

لاہور ۸ مئی (اپ پ پ) مرکزی وزیر تعلیم عبدالحفیظ پیرزادہ نے اعلان کیا ہے کہ یونیورسٹی آرڈیننس ختم کر دیا گیا ہے اور اسلام آباد یونیورسٹی آرڈیننس صدر بھٹو نافذ کریں گے جبکہ صوبائی حکومتیں اپنے اپنے صوبوں کی یونیورسٹیوں کیلئے آرڈیننس نافذ کریں گی آج ایک پریس کانفرنس میں وزیر تعلیم نے بتایا کہ مجوزہ آرڈیننس یونیورسٹیوں کو صحیح معنوں میں خود مختار ادارے بنانا ہے جو افسر شاہی کے کنٹرول سے آزاد ہوں گی۔ اس کے تحت وائس چانسلر سینیٹ کے تحت ہوں گے اور وائس چانسلر کا تقرر سینیٹ کی سفارش سے چانسلر کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت پنجاب نے صوبے بھر میں تعلیم یافتہ بے روزگار افراد کے ناموں کے اندراج کے لئے ہر ضلع میں ایک مرکز قائم کرنے پر آمادہ ہو گئی ہے جہاں افراد کے ذریعے تعلیمی پالیسی پر عملدرآمد میں مدد لی جائے گی انہوں نے یہ بھی بتایا کہ قومی اور صوبائی سطح پر کمیٹیاں قائم کی جا رہی ہیں جو لوگوں کو اپنے بچوں کو تعلیم دلانے پر آمادہ کریں گی اور اسکولوں کی تعمیر اور دیگر قومی تعمیر کے کاموں کے لئے تربیت دیں گی اس قدر وسیع تعلیمی پروگرام کے لئے تعلیمی ٹیکس عائد کیا جائے گا اور لوگوں سے نقد اور جنس کی شکل میں عطیات لئے جائیں گے یہ بجٹ سے علیحدہ ہوگا۔

بون ۸ مئی (اے پ پ) صدر ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے سے پہلے ایک بار شیخ مجیب الرحمٰن سے ضرور ملاقات کریں گے "ڈیر اسپیگل" نامی جریدے میں صدر پاکستان کا ایک انٹرویو شائع ہوا ہے جس کے مطابق صدر نے کہا کہ وہ شیخ مجیب سے جلد از جلد ملاقات کرنا چاہتے ہیں۔ کشمیر کے بارے میں صدر بھٹو نے کہا کہ اس مسئلے کا واحد حل حق خود ارادی ہے۔ ہماری مسلح افواج صرف جنگ بندی لائن پر تعینات ہیں کیونکہ وہاں بھارتی فوجیں بھی نہ صرف موجود ہیں بلکہ وہ وہاں سرگرم بھی ہیں۔

جماعت اسلامی اور بائیں بازو کا گٹھ جوڑ

روس اور بھارت کے ساتھ تعلقات میں رخنہ اندازی کا الزام

ڈھاکہ میں شیخ مجیب کی تقریر

نئی دہلی ۸ مئی (رائٹر) نام نہاد بنگلہ دیش کے وزیر اعظم شیخ مجیب الرحمٰن نے کہا ہے کہ بائیں بازو کے انتہا پسندوں اور دائیں بازو کے رجعت پسندوں نے بھارت اور روس کے ساتھ بنگلہ دیش کے دوستانہ تعلقات میں رخنہ ڈالنے کیلئے گٹھ جوڑ کر لیا ہے۔ شیخ مجیب آج ڈھاکہ یونیورسٹی میں طلباء سے خطاب کر رہے تھے انہوں نے کہا کہ ہم قوم پرستی، سوشلزم، سیکولرازم اور جمہوریت پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ البدر اور جماعت اسلامی کے رجعت پسند ملک کے خلاف سازش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم بھارت کو کیسے بھول سکتے ہیں جس نے ہمارے ایک کروڑ پناہ گزینوں کو پناہ دی اور اب بھی ہماری مدد کر رہا ہے۔ شیخ مجیب نے متنبہ کیا کہ یہ عناصر اس قسم کی سرگرمیوں سے باز آ جائیں۔ رائٹر کی اطلاع کے مطابق شیخ مجیب الرحمٰن نے کہا کہ وہ اپنے ملک کو سامراجی طاقتوں کی سیاست کا اکھاڑہ نہیں بننے دیں گے انہوں نے الزام لگایا کہ بعض عناصر کو غیر ملکی طاقتیں رقم فراہم کر رہی ہیں۔

اردو ڈائجسٹ اور زندگی کو سرحد اور بلوچستان سے ڈکلریشن دینے کی پیشکش

لاہور ۷ مئی (پ پ ا) ممنوعہ اردو ڈائجسٹ اور زندگی کے ناشر کی اہلیہ بیگم ڈاکٹر اعجاز حسن قریشی نے خان عبدالولی خان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا ہے کہ انہوں نے صوبہ سرحد اور بلوچستان میں اردو ڈائجسٹ اور زندگی کو ڈکلریشن دینے کی پیشکش کی ہے جس پر غور کیا جا رہا ہے بیگم ڈاکٹر اعجاز حسن قریشی نے ولی خان کو ایک تار بھیجا ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ آپ کی فراخدلانہ پیشکش سے میں بہت متاثر ہوئی ہوں، آپ خالص جمہوریت کیلئے جو کوشش کر رہے ہیں وہ موجودہ گھٹن کے حالات میں ڈھارس کا باعث ہیں آپ کی پیشکش زیر غور ہے براہ کرم لاتعداد قارئین اردو ڈائجسٹ اور زندگی کے مسئلوں ملازمین کا دلی شکریہ قبول کیجئے۔

ڈھاکہ میں بھارت اور مجیب کے خلاف نعرے

ڈھاکہ ۷ مئی (پ پ ا / اف پ) انتہا پسند بائیں بازو کی انقلابی طلبا یونین کے سینکڑوں طلبا نے آج بھارت اور شیخ مجیب الرحمٰن کے خلاف نعرے لگاتے ہوئے ڈھاکہ کی سڑکوں کا گشت کیا ان طلبا کا تعلق مولانا بھاشانی کی نیشنل عوامی پارٹی سے ہے اور یہ یونیورسٹی کے انتخابات میں حصہ لے رہے ہیں وہ "دھر واپس جاؤ" کے نعرے بھی لگا رہے تھے دھر بھارت کی وزارت خارجہ کی پالیسی ساز کمیٹی کے چیئرمین ہیں اور آجکل شیخ مجیب سے مذاکرات کے لئے ڈھاکہ آئے ہوئے ہیں۔

مشرقی پاکستانیوں کو علیحدگی کے نقصانات کا احساس ہو گیا ہے

البدر کے رہنما کا بیان

راولپنڈی ۸ مئی (اپ پ) مشرقی پاکستان میں بیشتر لوگوں کو مغربی پاکستان سے علیحدگی کے نقصانات کا احساس ہو گیا ہے اور اس وقت وہاں مغربی پاکستان سے تعلقات کی بحالی اور ملک کے دونوں حصوں کو یکجا کرنے کے لئے فضا بڑی سازگار ہے ان خیالات کا اظہار مشرقی پاکستان میں ایک پاکستان کی حامی تنظیم "البدر" کے ایک ممتاز رہنما جناب ظہور الاسلام نے کیا ہے جو مشرقی پاکستان میں مکتی باہنی کے غنڈوں کے ظلم و ستم کا نشانہ بننے کے بعد نیپال میں پاکستانی سفارت خانہ کی مدد سے مغربی پاکستان پہنچے ہیں۔ جناب ظہور الاسلام نے مکتی باہنی کے مظالم کی داستان دہراتے ہوئے بتایا کہ مشرقی پاکستان میں پاکستان کے حامی لاکھوں افراد کو چن چن کر موت کے گھاٹ اتارا جا رہا ہے لیکن اس کے باوجود جذبہ حب الوطنی سرد نہیں پڑا۔ متحدہ پاکستان کے ہزاروں حامی قید و بند کی صعوبتیں جھیل رہے ہیں۔ جن میں بنگالی بھی ہیں اور غیر بنگالی بھی ہیں۔ وہ بھوکے پیاسے رہ رہے ہیں۔ وہ جماعت کا نام لینے پر شہادت کو ترجیح دیتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوا ہے کہ اب پاکستان میں عوامی لیگی حکومت اور اس کے آقا بھارت کے خلاف نفرت کی لہر زور پکڑتی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مشرقی پاکستان کے باقی حصے کو دور دراز اضلاع شہروں اور اس کے مضافات میں بھی جماعتیوں کی مذمت اور ایک پاکستان کے حق میں پوسٹر لگائے گئے ہیں اور "پاکستان زندہ باد" کے نعرے سنائی دیتے ہیں۔ انہوں نے اپنی لرزہ خیز آپ بیتی سناتے ہوئے بتایا کہ مکتی باہنی کے غنڈوں نے جو زیادہ تر ہندو ہیں، انہیں پانچ روز تک ایذائیں دیتے رہے اور اس کے بعد انہیں ڈھاکہ سے راجشاہی پہنچایا جا رہا تھا کہ ایک مقام پر نیم مردہ حالت میں چھوڑ دیا گیا جہاں سے وہ کسی نہ کسی طرح مغربی بنگال پہنچے اور وہاں کے مسلمانوں کی مدد سے نیپال پہنچ گئے اور پاکستانی سفارت خانہ نے انہیں مغربی پاکستان پہنچوا دیا۔

محمد پور میں غیر بنگالی باشندے گھاس پر گزارا کر رہے ہیں

ریڈ کراس سے ملنے والی غذا بنگالی اڑا لے جاتے ہیں

لندن ۸ مئی (آصف جیلانی نمائندہ جنگ) مشرقی پاکستان میں غیر بنگالیوں کی آبادی محمد پور میں لوگ طویل بے روزگاری اور افلاس سے مجبور ہو کر اب گھاس کو خوراک کے طور پر استعمال کر رہے ہیں اس کا انکشاف برطانوی وفد کے ایک رکن پال کونٹ نے کیا جو حال ہی میں مغربی اور مشرقی پاکستان کا دورہ کر کے واپس آئے ہیں پال کونٹ نے بتایا کہ وہ محمد پور میں بہاریوں اور غیر بنگالیوں سے ملنے گئے تو دیکھا کہ لوگ فاقہ کشی سے تنگ آ کر گھاس کھانے پر مجبور ہو گئے ہیں یہ بہاری اور غیر بنگالی دسمبر سے بے روزگار ہیں اور اب اپنا اثاثہ اور سامان فروخت کر دینے کے بعد کپڑے فروخت کر رہے ہیں ان کیمپوں سے باہر نکلنے ... راستے میں پہلے انہیں کیمپوں ... پرمٹ لینا پڑتا تھا لیکن اب انہیں کیمپوں سے باہر جانے کی اجازت دے دی گئی ہے لیکن جو لوگ روزگار کے لئے کیمپوں سے نکلتے ہیں واپس نہیں آتے۔ ریڈ کراس کے ذریعہ ان کے لئے جو غذا مہیا کی جاتی ہے اسے بنگالی غائب کر دیتے ہیں ریڈ کراس نے کئی مرتبہ خوراک کی تقسیم کا کام خود سنبھالنے پر اصرار کیا تھا لیکن بنگلہ دیش کی حکومت اپنے کارکنوں اور ملازموں کے ذریعہ تقسیم کرنے پر مصر ہے۔


عبوری آئین کو مستقل کیا گیا تو بچا کھچا ملک بھی پارہ پارہ ہو جائے گا

جمہوریت کے نام پر بدترین فسطائیت قائم کی جا رہی ہے؛ اصغر خاں اور غلام جیلانی کی تقریریں

کراچی ۸ مئی (اسٹاف رپورٹر) تحریک استقلال کے صدر ریٹائرڈ ائیر مارشل اصغر خان نے کہا ہے کہ ایک بار پھر ملک میں ایسی فضا قائم کی جا رہی ہے جس میں قلم توڑے جا رہے ہیں صدائے احتجاج بلند کرنے والوں کے گلے گھونٹے جا رہے ہیں حق کی حمایت میں بلند ہونے والے ہاتھوں میں ہتھکڑیاں ہیں اور منزل جمہوریت کی طرف دوڑنے والوں کے پیروں میں بیڑیاں ہیں جمہوریت کے نام پر بدترین فسطائیت نافذ کی جا رہی ہے آئین کا نام لیکر شہری حقوق غصب کئے جا رہے ہیں وہ آج تحریک استقلال کراچی کے دو روزہ کنونشن میں افتتاحی تقریر کر رہے تھے کنونشن کے اجلاس سے تحریک استقلال کے جنرل سیکریٹری ملک غلام جیلانی نے بھی خطاب کیا جو اپنی رہائی کے بعد پہلی بار کراچی آئے ہیں ملک غلام جیلانی نے اپنی تقریر میں کہا کہ اگر عبوری آئین کو مستقل کر دیا گیا تو بچا کھچا ملک بھی پارہ پارہ ہو جائیگا انہوں نے کہا کہ ان کی جماعت تمام صوبوں کو موثر خود مختاری دینے کے حق میں ہے انہوں نے نیشنل عوامی پارٹی کے سربراہ خان عبدالولی خان سے مطالبہ کیا کہ اگر وہ قومی لیڈر بننے کے خواہش مند ہیں تو صرف دو صوبوں کی بات نہ کریں بلکہ سندھ اور پنجاب کے مظلوم عوام کی حمایت میں بھی آواز بلند کریں۔ اصغر خان نے اپنی تحریری تقریر میں کہا کہ کراچی کے باشعور عوام دھونس، دھاندلی، دھوکہ اور دھمکی کے بل پر چلنے والے اقتدار کو تیر کی طرح سیدھا کرنے کی اتنی ہی ہمت رکھتے ہیں جس کا مظاہرہ وہ اس سے پہلے کر چکے ہیں انہوں نے کہا کہ اس وقت شخصیت پرستی کا ایک طوفان اسی انداز سے اٹھایا جا رہا ہے جیسے پاکستان کے نظریے سے وفاداری پاکستان کی سرزمین سے وفاداری پاکستان کے عوام سے وفاداری کا اگر کوئی پیمانہ ہے تو وہ صرف یہ ہے کہ بس ایک شخص واحد کے وفادار اس کے پرستار اور اس کی شعبدہ بازی کے غلام بن کر بیٹھ جائیں وہ حرف آخر ہے عقل کل ہے جس نے اس کے نام کا وظیفہ پڑھا اس کا بیڑا پار ہو گیا اور جس نے ان کی کسی بات پر انگلی اٹھائی وہ غدار ہے۔

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ۷ جون سے ہوگا

کوئٹہ ۸ مئی (اپ پ) گورنر بلوچستان میر غوث بخش بزنجو نے صوبائی اسمبلی کا بجٹ اجلاس ۷ جون کو کوئٹہ میں طلب کیا ہے ارکان اسمبلی کو دعوت نامے جاری کر دیئے گئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ سردار عطاء اللہ خان مینگل نے بتایا ہے کہ اجلاس کے پہلے چند روز قانون سازی کا کام ہوگا۔ اور چند آرڈیننس منظوری کے لئے پیش کئے جائیں گے اور ان کی منظوری کے بعد اسمبلی کا اجلاس ملتوی ہو جائے گا۔ اور پھر جون کے تیسرے ہفتہ میں شروع ہوگا۔



گریبان

منّو بھائی

ابھی تک یہ فیصلہ نہیں ہو سکا کہ یحییٰ خاں نے شراب چھوڑی ہے یا شراب نے یحییٰ خاں کو چھوڑ دیا ہے۔ یحییٰ خاں کا شراب چھوڑنا ایسے ہی ہے جیسے نوابزادہ نصر اللہ خاں حقہ چھوڑ دیں۔ ایئر مارشل (ریٹائرڈ) اصغر خاں بیان بازی چھوڑ دیں۔ میاں شفیع صاحب احساسِ کمتری اور زیڈ اے سلہری صاحب احساسِ برتری چھوڑ دیں، جیسے لازم اپنے ملزوم کو اور ملزوم اپنے لازم کو چھوڑ دے شخص شخص کو اور شخص شخص کو چھوڑ دے۔ پھول خوشبو کو اور بھینڈو بدبو کو چھوڑ دے۔ چونکہ یہ سب لوگ یہ سب چیزیں نہیں چھوڑ سکتے اس لئے یحییٰ خاں نے بھی شراب نہیں چھوڑی شراب نے یحییٰ خاں کو چھوڑ دیا۔ یعنی یہ "انہوں نے چھٹی نہیں" "جبری چھٹی" ہے۔

اس جبری چھٹی کی وجہ سے مجھے یحییٰ خاں سے ہمدردی ہونے لگی ہے۔ مجھے وہ انتہائی مظلوم دکھائی دینے لگے ہیں۔ حالات کی ستم ظریفی دیکھئے کہ پہلے اخلاق نے ساتھ چھوڑا۔ پھر عقل و دانش ساتھ چھوڑ گئی۔ مشرقی پاکستان ساتھ چھوڑ گیا۔ پھر اقتدار بغیر خدا حافظ کہے یوں چھوڑ گیا جیسے پران چھوٹتے ہیں۔ حلقہ خوباں، بزم ناز، محفل یاراں نے بھی ساتھ چھوڑا۔ صدر بھٹو نے اقتدار سنبھالتے ہی ان کی نظربندی کردی۔ یعنی زیڈ اے سلہری کو بھی ساتھ چھوڑنا پڑا۔ اب زندگی کے آخری سہارے شراب نے بھی ساتھ چھوڑ دیا تو پیچھے ماضی کے جاہ و جلال کی صرف ایک نشانی بوڑھی کتا رہ گیا۔ پس ثابت ہوا کہ کتا بہت وفادار جانور ہے اقتدار کی کرسی، بزم خوباں، حلقۂ یاراں اور شراب کی بوتل سے بھی زیادہ وفادار۔

انجمن تحفظ حقوقِ مے نوشانِ لاہور کے صدر کو (جن کا نام صیغۂ راز میں ہے) یہ شکایت تھی کہ یحییٰ خاں نے دنیا بھر کے شراب نوشوں کو بدنام کر دیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ جس طرح ہماری بیویاں پاکستانی فلموں میں شرابیوں کو دیکھ کر یہ سمجھتی ہیں کہ شراب پی کر ہر شرابی گندی نالی میں ڈبکی ضرور لگاتا ہے۔ بات بات پر بیوی کی پٹائی شروع کر دیتا ہے اور گھر کی تمام کراکری توڑ پھوڑ کر رکھ دیتا ہے۔ اسی طرح یحییٰ خاں نے مستی کے عالم میں کچھ ایسی حرکتیں کی ہیں جن سے شرابیوں کی شہرت کو بے پناہ نقصان پہنچا ہے۔ حقیقت بھی ہے کہ زمانۂ جاہلیت کے شعراء امراء القیس سے لے کر زمانۂ قابلیت کے شاعر فیض احمد فیض تک جس محنت، توجہ اور خیال آفرینی سے شراب کی عزت افزائی اور شرابیوں کی حوصلہ افزائی کی گئی تھی یحییٰ خاں نے اس تمام محنت، توجہ اور عزت افزائی کا بیڑا غرق کر دیا ہے۔ اب شراب کا نام سن کر صراحی یا مینا ساغر اور جام یاد آنے کی بجائے یحییٰ خاں یاد آ جاتے ہیں اور یحییٰ خاں کے جلو میں کچھ ایسی تلخ حقیقتیں بھی آ جاتی ہیں جن سے آنکھیں چرانا انسانی آنکھ کے بس میں نہیں ہے اور یحییٰ خاں کے ہاتھ میں وسکی کا گلاس یوں دکھائی دیتا ہے جیسے بندر کے ہاتھ میں استرا ہو۔ اب وہ شراب چھوڑیں یا شراب انہیں چھوڑ دے کوئی فرق نہیں پڑے گا جو نقصان ہونا تھا وہ تو ہو چکا اور ع

سب کچھ لٹا کے ہوش میں آئے تو کیا ہوا

یہ تو تھا "انجمن تحفظ حقوقِ مے نوشانِ لاہور" کے صدر کا انداز فکر۔ میرا مسئلہ شراب کی عزت اور شرابیوں کی شہرت کو بحال کرانا نہیں ہے میں صرف یہ جاننا چاہتا ہوں کہ آغا محمد یحییٰ خاں کی وجہ سے ہمارے ملک کے مفاد اور قوم کے وقار کو جو نقصان پہنچا ہے اس کی تلافی ہو سکے۔ اس مقصد کے لئے مجھے تھوڑا بہت وقار آغا محمد یحییٰ خاں کا بھی بحال کرنا پڑے گا اور یہ کہنا پڑیگا کہ اب جب کہ آغا صاحب نے شراب چھوڑ دی ہے یا شراب آغا صاحب کو چھوڑ گئی ہے تو آغا صاحب وہ آغا صاحب نہیں رہے وہ اب قطعی مختلف انسان ہیں۔

انگریزی زبان کی مشہور شاعرہ ایڈتھ سٹول کے گھر میں ایک بار چور داخل ہوا۔ شاعرہ کو سوتے دیکھ کر اس نے گھر کا قیمتی سامان ایک گٹھڑی میں باندھا قیمتی سامان جمع کرتے وقت اس کی نگاہ ایڈتھ سٹول کے مجموعۂ کلام پر پڑی اٹھا کر مطالعہ شروع کر دیا، پہلے صفحہ سے آخری صفحہ تک پڑھتا چلا گیا۔ اور اس طرح میں مکمل طور پر تبدیل ہو گیا۔ کتاب بند کی ادھر ادھر دیکھا اپنے آپ کو ایک قطعی اجنبی جگہ پایا۔ ایک گٹھڑی میں سامان بندھا دیکھا تو سمجھ گیا کہ یہاں چوری کی واردات ہونے والی تھی اس نے ایڈتھ سٹول کو جگایا اور مشورہ دیا کہ اپنے گھر کی حفاظت کے لیے کوئی چوکیدار وغیرہ ملازم رکھیں بتایا جاتا ہے کہ پولیس نے اس چور کو گرفتار کر لیا کیس عدالت میں پیش ہوا اور جج نے فیصلہ دیا کہ بے شک یہی وہ شخص ہے جس نے چوری کی تھی مگر اب یہ وہ شخص نہیں ہے جو یہ چوری کرتے وقت تھا۔ چنانچہ یہ اس کی جو تھا مگر اب نہیں ہے سزا نہیں بھگت سکتا"

کوئی عجب نہیں کہ کل ایبٹ آباد سے خبر آئے کہ سابق صدر آغا محمد یحییٰ خاں نے ہر عیب سے توبہ کر کے پانچ وقت کی نماز شروع کر دی ہے۔ رات رات بھر جا نماز پر بیٹھے آنسو بہاتے رہتے ہیں۔ انہوں نے جنرل رانی اور بلیک بیوٹی کی بجائے پیر صاحب دیول شریف اور خواجہ قمر الدین سیالوی کی صحبت اختیار کر لی ہے گھنٹوں بیٹھے ان سے عرفان کی باتیں سنتے اور سر دھنتے رہتے ہیں۔ مجھے تو اس خبر پر بھی حیرت نہیں ہوگی کہ سابق صدر آغا محمد یحییٰ خاں نے جان بوجھ کر کثرت مے نوشی کی تھی تاکہ عوام کے دل میں شراب سے نفرت پیدا ہو اور انہیں اندازہ بلکہ تجربہ ہو سکے کہ شراب کس قدر خانہ خراب چیز ہے۔ شرابیوں کے گھروں سے کرسیاں بھی نیلام ہو جاتی ہیں۔ بزم یاراں اور محفل تو ہاں بھی اُٹھ جاتی ہے اور گھر میں صرف ایک بوڑھا کتا رہ جاتا ہے جو بہت وفادار جانور ہے۔

مرکزی وزراء کے محکمے

دفاع اور امور خارجہ کے محکمے صدر کے پاس ہوں گے

راولپنڈی ۳ مئی (اے پ پ) صدر نے نائب صدر اور مرکزی حکومت کے وزراء اور وزراء مملکت کو مندرجہ ذیل محکمے تفویض کئے ہیں: کابینہ کے سیکرٹریٹ کے پریس نوٹ کے مطابق ایندھن بجلی اور قدرتی وسائل کی نئی وزارت قائم کی گئی ہے صدر مندرجہ ذیل محکمے اپنے پاس رکھیں گے (۱) وزارت دفاع جس میں دفاعی پیداوار بھی شامل ہے (۲) وزارت امور خارجہ (۳) ایٹمی توانائی کمیشن۔

نائب صدر اور مرکزی وزراء کے محکمے مندرجہ ذیل ہیں:۔ نائب صدر۔ (۱) کابینہ ڈویژن (۲) وزارت سائنس و ٹیکنالوجی (عارضی) مسٹر جے اے رحیم:۔ (۱) وزارت پیداوار و صنعتی امور (۲) وزارت تجارت (عارضی) مسٹر محمود علی قصوری وزارت قانون و پارلیمانی امور۔ خان عبدالقیوم خان:۔ وزارت داخلہ، ریاستیں، سرحدی علاقہ و امور کشمیر۔ ڈاکٹر مبشر حسن: وزارت خزانہ، منصوبہ بندی و ترقیات۔ مسٹر حیات محمد خان شیرپاؤ: وزارت ایندھن، بجلی و قدرتی وسائل۔ شیخ محمد رشید: وزارت صحت، سماجی بہبود۔ مسٹر خورشید حسن میر: وزیر بے قلمدان۔ مسٹر غلام مصطفیٰ جتوئی: وزارت سیاسی امور و مواصلات (بشمول بندرگاہیں و جہازرانی)۔ مسٹر عبدالحفیظ پیرزادہ: وزارت تعلیم (بشمول ثقافت) اور صوبائی رابطہ۔ مولانا کوثر نیازی: وزارت اطلاعات و نشریات، اوقاف و حج۔ سردار غوث بخش رئیسانی: وزارت خوراک و زراعت و پسماندہ علاقے۔ مسٹر محمد حنیف: وزارت محنت و لیبر ... سیاحت۔ مسٹر محمد ... ؛ وزیر مملکت برائے ... مسٹر معراج محمد خان؛ وزیر مملکت برائے ...

ہم پاکستان کی بقا کیلئے خون کا آخری قطرہ تک بہا دینگے: سردار مینگل

اپنی صفوں میں نفاق ڈال کر بھارت کو فائدہ اُٹھانے کا موقعہ نہ دو؛

وزیر آباد ۳ مئی (اے پ پ) بلوچستان کے وزیر اعلیٰ سردار عطاء اللہ مینگل نے کہا ہے کہ ہم ایک متحدہ پاکستان پر یقین رکھتے ہیں اور اس کی بقا کے لئے اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہانے کو تیار ہیں انھوں نے وزیر آباد ریلوے اسٹیشن پر ایک انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ میرے صوبے میں باقی ملک سے علیحدگی کی کوئی تحریک نہیں ہے۔ علیحدگی کی تحریک کا جو الزام لگایا جاتا ہے اس میں کوئی صداقت نہیں ہے۔ اس قسم کی الزام تراشی کا مقصد صرف میری پارٹی کو بدنام کرنا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنی تاریخ کے انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور ہمارا دشمن بھارت ہماری کمزوریوں سے فائدہ اٹھانا چاہتا ہے اس لئے ہمیں اپنی صفوں میں نفاق ڈالنے سے بچنا چاہیے اور دشمن کو یہ موقع نہیں دینا چاہیے کہ وہ اپنے ناپاک ارادوں میں کامیاب ہو جائے۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی کا بجٹ اجلاس غالباً جون کے وسط میں ہوگا انہوں نے کہا کہ نیپ برسراقتدار آنے کے بعد شب و روز محنت کر رہی ہے تاکہ وہ بلوچستان کو ایک مثالی صوبہ بنانے میں کامیاب ہو جائے ایک اور سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں اخبارات کو حکومت پر نکتہ چینی کرنے کی پوری آزادی ہے ہم اپنے پریس کو بڑی عزت اور قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

سربراہوں کی ملاقات اگلے مہینے ہوگی

صدر بھٹو نے اندرا گاندھی کو تاریخ سے آگاہ کر دیا

لاہور ۳ مئی (اے پ پ) صدر ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ بھارت اور پاکستان کے درمیان سربراہوں کی ملاقات آئندہ ماہ کسی وقت ہوگی اور میں نے اس سلسلے میں بھارت کی وزیر اعظم کو ایک خط لکھا ہے۔ صوبائی دارالحکومت کے دوروں کے دورے پر آج صبح راولپنڈی سے لاہور پہنچنے کے بعد ائیرپورٹ پر اخباری نمائندوں سے باتیں کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ میرا خط بھارت کی وزیر اعظم کو سوئٹزرلینڈ کے سفارتخانہ کے توسط سے غالباً آج مل جائے گا صدر سے جب یہ کہا گیا کہ مسز اندرا گاندھی اور آپ آئندہ ماہ بیرونی ممالک کے دورے پر ہوں گے تو انھوں نے بتایا کہ پاکستان نے ان تمام معاملوں کو ذہن میں رکھ کر سربراہ کانفرنس کے لئے تاریخ تجویز کی ہے۔ صدر سے جب یہ دریافت کیا گیا کہ مذاکرات بھارت میں ہوں گے یا کسی دوسرے ملک میں تو انھوں نے کہا کہ جہاں بھی ہوں گے سب کو معلوم ہو جائے گا۔



نے گھر سے باہر نکلو۔ ہفتوں ہو گئے انتظار کرتے۔ اب نہیں آنے کا کوئی بُلاوا ـــــ جن جن کو وزیر بننا تھا.... بن گئے ـ!؟"

کاروں کی درآمد پر مکمل پابندی

اسلام آباد ۳ مئی (اے پ پ) کاروں کی درآمد پر مکمل پابندی لگا دی گئی ہے اور ذاتی استعمال کے لیے بھی کوئی فرد کار درآمد نہیں کر سکے گا۔ تاہم غیر ملکی سفارتی اراکین اور غیر ملکی باشندے اس حکم سے مستثنیٰ رہیں گے۔

سحر قریب ہے شاید میرے وطن کے لئے
کہی ہے کس نے اذاں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

۱۱ جون ۱۹۷۲ء

جمہوری اصُولوں کی فتح!

صدر مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے نیشنل عوامی پارٹی اور جمعیت العلمائے اسلام کے منتخب نمائندوں ارباب سکندر خاں اور مسٹر غوث بخش بزنجو کو بالترتیب سرحد اور بلوچستان کا گورنر مقرر کرکے ایک انتہائی مدبرانہ قدم اُٹھایا ہے۔ سرحد اور بلوچستان میں گورنروں کا تقرر یکم مئی سے پیشتر ایک نئے معاہدے کے تحت عمل میں آیا ہے۔ جس پر ۲۷۔ اپریل کو صدر بھٹو، خان عبدالولی خان اور مفتی محمود نے دستخط کئے ہیں۔ یہ معاہدہ دراصل جمہوری اصُولوں کی فتح ہے۔

تینوں جماعتوں کے راہنما مبارکباد کے مستحق ہیں۔ کیونکہ تینوں پارٹیوں کا تازہ ترین سمجھوتہ پاکستان میں جمہوری نظام کی نشوونما کے لئے خاص اہمیت رکھتا ہے۔ اس حقیقت سے کون واقف نہیں ہے کہ پاکستان کے دیرینہ دشمنوں کی تمام اُمیدیں سرحد اور بلوچستان سے وابستہ تھیں۔ اور وہ اس انتظار میں بیٹھے تھے کہ کب اِن صُوبوں کی اکثریتی پارٹیوں اور پیپلز پارٹی کے درمیان تصادم ہو اور انہیں اپنے پاکستان دشمن منصُوبوں کو عملی جامہ پہنانے کا موقعہ ملے۔ لیکن خدا کا شکر ہے کہ اُن کی تمام آرزوئیں خاک میں مل گئیں۔

اس وقت ہمارا وطن جس آزمائش اور ابتلاء سے گذر رہا ہے اس پر قابو پانے، وطن کی پیشانی سے شکست کا داغ دھونے اور اس کی عظمت و سربلندی بحال کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ تمام محبِ وطن پاکستانی خواہ وہ دُنیا کے کسی حصّہ میں بھی رہائش پذیر ہوں، اپنے جماعتی۔ گروہی یا علاقائی مفادات کو پس پُشت ڈال کر قومی وحدت و یکجہتی کے رشتے زیادہ سے زیادہ مضبُوط کریں۔

کیا قوم اپنے مدار سے ہٹ جائے گی؟

ذکر تو سقوط مشرقی پاکستان کا ہوتا ہے لیکن اصل موضوع سخن کل پاکستان کے زوال کا ہونا چاہیئے کہ آدھا پاکستان تحریک پاکستان کا پاکستان نہیں ہے۔ اور اگر نہیں ہوتا تو سمجھنا چاہیئے کہ ہم قومی گراوٹ کی اس نچلی سطح پر پہنچ چکے ہیں جہاں متاع کارواں کے ساتھ ساتھ احساس زیاں بھی جاتا رہا جب ہم سنتا ہوں کہ اب مغربی پاکستان شاہراہ ترقی پر گامزن ہو چکا ہے اور اس ماہ ہم نے پچھلے سال کے اسی ماہ سے زیادہ کل برآمد کیا ہے اور زیادہ زرمبادلہ کمایا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ ہمیں بتایا جا رہا ہے کہ ہماری راہ میں مشرقی پاکستان حائل تھا اب اُس مصیبت سے نجات حاصل ہو گئی ہے تو دیکھو قافلہ منزل بمنزل آگے ہی آگے بڑھتا جائے گا۔ تعجب ہے کہ جب پاکستان منصۂ شہود پر ابھرا تھا تو ہمیں شکایت ہوئی تھی کہ ہمیں اپنے حصّے کا پورا علاقہ نہیں ملا۔ ماؤنٹ بیٹن نے ریڈکلف سے سفارش کرکے ہمیں گورداسپور کے ضلع سے محروم کر دیا ورنہ کشمیر کا مسئلہ پیدا ہی نہ ہوتا۔ قائد اعظمؒ نے فرمایا کہ انگریزوں نے ہمیں داغ داغ MOTH-EATEN پاکستان دیا ہے۔ اب اسی کٹے پھٹے پاکستان کا ایک پورا بازو کٹ گیا ہے اور ہماری آبادی اور رقبہ آدھا رہ گیا تو ہم سمجھ رہے ہیں کہ ترقی کی نئی صبح طلوع ہوئی ہے۔ کیا اس طرز عمل سے ہماری ملکی تباہی کے انجام کی نشاندہی ہوتی ہے؟

میں نہیں کہتا کہ ہمارے ادبار کی نوعیت منفرد ہے۔ پہلے بھی اور اب بھی قوموں کو صبر آزما مشکلات سے دوچار ہونا پڑا ہے۔ "تلک الایام نداولھا بین الناس" سنت اللہ ہے قوموں کے دن بدلتے رہتے ہیں۔ جو قوم تباہ ہو جائے اس کی حالت دوسروں کے لئے بھی عبرت آموز ہوتی ہے چہ جائیکہ ہم خود اس کیفیت میں مبتلا ہو جائیں تو ہماری نفسیات کا کیا عالم ہوگا؟ کم از کم ہمیں یہ تو معلوم ہونا چاہیئے کہ ہم پر کیا بیتی اور کیسے بیتی؟ لیکن اگر ذرائع نشر و اشاعت یہ تاثر پیدا کر رہے ہوں کہ ہم پہلے سے بہتر پوزیشن میں ہیں تو سوائے اس کے اور کیا کہا جا سکتا ہے کہ ہم اپنے آپ کو بہت بڑا دھوکا دے رہے ہیں، اغیار ہمارے حصے بخرے کرنے کے منصوبے باندھ رہے ہیں اور ہم اپنے آپ کو متوازی طاقت گردان رہے ہیں۔ ممکن ہے کہ اقتصادی اعتبار سے ہم بہت جلد ہی موجودہ بحران سے نکل جائیں لیکن بین الاقوامی میدان میں طاقتی اعتبار سے ہماری کمزوری جیاں و مستقل ہے کہ فی زمانہ وسعت علاقہ اور آبادی طاقتی عوامل ہیں۔ پھر ہماری صورت حال دوسرے ملکوں سے بالکل جدا ہے۔ دوسرے ممالک کم و بیش تاریخی تسلسل رکھتے ہیں وہ سینکڑوں بلکہ ہزاروں برسوں سے قائم ہیں۔ انکا جغرافیہ معروف رہا ہے۔ اُن کی شکست و ریخت ممکن نہیں۔ کل دنیا جانتی ہے کہ مصر کا عدد دارد کیا ہے۔ اس کا کچھ حصہ زمین اسرائیل کے تصرف میں ہے۔ تو وہ عارضی حادثہ ہے۔ اقوام متحدہ اس کی واپسی پر مصر ہے اور کل کلاں کو کسی نہ کسی سمجھوتے کے مطابق مصر اپنی تاریخی حالت و حیثیت پر لوٹ آئے گا۔ اس کے برعکس مشرقی پاکستان ہمارے ہاتھ سے نکل گیا اور نکلا بھی کیسے کہ ہندوستان کی کھلی جارحیت سے اور درجنوں ملکوں نے۔ جن میں چین کے سوا تمام عالمی طاقتیں شامل ہیں اسے بنگلہ دیش کے نام سے بطور آزاد مملکت تسلیم کر لیا کیا ہم اس واقع کی تہ تک پہنچے؟ کل تک مشرقی پاکستان ہمارے ملک کا جزو لاینفک تصور کیا جاتا تھا۔ دونوں بازوؤں پر مشتمل پاکستان اقوام متحدہ کا رکن تھا اور اسی حیثیت سے دنیا کے ملکوں نے اس سے سفارتی تعلقات قائم کئے ہوئے تھے۔ لیکن ایک مہینے اندر اندر متعدد ملکوں نے پاکستان کی توڑ پھوڑ کو صحیح تسلیم کر لیا۔ اور ہندوستان کو کسی نے مطعون تک نہ کیا۔ اس کے مقابلے میں جب پچھلی جنگ میں اٹلی نے حبشہ پر کلیتاً قبضہ کر لیا تھا تو مغربی طاقتوں نے تب تک دم نہ لیا جب تک شاہ حبشہ کو ان کا ملک واپس نہ دلوا دیا۔ سوال یہ ہے کہ دنیا نے ہمارے ساتھ ایسا برتاؤ کیوں روا رکھا؟ اس کی وجہ صاف ہے۔ ہمارے ملک کی کوئی تاریخی حیثیت نہیں۔ اسے ظہور میں آئے ابھی پورے ۲۵ سال بھی نہیں ہوئے پچیس سال پہلے اس کا کوئی جغرافیہ نہیں تھا۔ کوئی شکل نہ تھی۔ اس کی صورت گری کے لئے برصغیر کا بٹوارہ کرنا پڑا۔ برصغیر کی تقسیم اس بنا پر ہوئی کہ مسلمانوں نے اپنی ممیز اور الگ قومیت کا دعویٰ کیا۔ پاکستان کا قیام مسلم قومیت کی بنیاد پر عمل میں آیا۔ ہمارے حق میں مسلم قومیت کا نظریہ تاریخ کا بدل بن گیا۔ انگریزوں اور ہندوؤں اور اس کے علاوہ ممالک عالم کو اس حقیقت کو ماننا پڑا اور انہوں نے پاکستان کو تسلیم کر لیا۔ اب تاریخ اور جغرافیے ہیں، ایک طرف اور نظریے ہیں دوسری طرف، فرق یہ ہے کہ اول الذکر بجائے خویش برقرار رہتے ہیں لیکن نظریئے کو انسانی کوششوں سے قائم رکھنا پڑتا ہے۔ نظریہ ہماری پشت پناہ تھا تو اسے معتبر رکھنا تھا۔ پیش نظر حالات کی روشنی میں یہ سوال اٹھانے کی ضرورت ہے کہ کیا ہم نے نظریۂ پاکستان کو قائم رکھا؟ اگر نہیں تو ملک کا ٹوٹنا لازمی و فطری تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ نظریۂ پاکستان کے متعلق جتنی غلط فہمی پیدا ہوئی اور پیدا کی گئی یہ کسی اور شے کے متعلق نہیں ہوئی۔ نظریئے کو براہِ راست اسلام پر منطبق کر دیا گیا ہے اور جہاں اس کے ساتھ یہ مطالبہ ہوا کہ مملکت کو اسلامی خطوط پر استوار کیا جائے وہاں مخالفوں نے اسے دقیانوسی اور رجعت پسندانہ اقدام قرار دیا۔ اس بحث کا بحثی

باقی صفحہ ۹ پر

صدائے پاکستان ٹرانٹو

قیمت ۱۰ سینٹ — ۱ جون ۱۹۷۲ء

پچھلے ۴ ماہ کے دوران ملک کے اندر اور باہر مسلسل اصلاحی اقدامات کے سبب ملک مزید تباہی کے خطرہ سے بچ گیا



بھارت سے کوئی خفیہ سمجھوتہ نہیں ہوا ہم کوئی یک طرفہ معاہدہ قبول نہیں کرینگے

پاکستان اور بھارت کی فوجیں آمنے سامنے سے ہٹ جانی چاہئیں

پاک بھارت مذاکرات سے قبل بنگلہ دیش کو تسلیم نہیں کیا جائے گا، صدر کی پریس کانفرنس

راولپنڈی، رسمی (نمائندہ جنگ) صدر ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ پاکستان کو کوئی شخص ٹکڑے ٹکڑے نہیں کر سکتا ہم نے چار ماہ میں ملک کے اندر اور باہر ایسے حالات پیدا کر دیئے ہیں کہ اب پاکستان کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے کا خواب شرمندۂ تعبیر نہیں ہو سکتا آج یہاں صدر کے مہمان خانہ میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے کہا کہ ہم بھارت سے کوئی غیر منصفانہ معاہدہ کرنے کو تیار نہیں کیونکہ اس سے برصغیر میں پائیدار امن قائم نہیں ہو سکتا انہوں نے گزشتہ روز کشمیر اور لاہور سیکٹر میں ہونے والی جنگ بندی کی خلاف ورزیوں کے بارے میں کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ دونوں طرف سے فوجیں واپس ہوں تاکہ اس طرح کی صورت حال پیدا نہ ہو سکے۔ صدر بھٹو نے کہا کہ بھارتی وزیر اعظم سے ملنے سے پہلے میں مشرق وسطی اور افریقہ کے ملکوں کا دورہ کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ وہ ۲۹ مئی سے ۱۰ جون تک ان ملکوں کا دورہ کریں گے

سہگل اور ڈبل بیرل — صدر بھٹو سے سوال کیا گیا کہ نیپ اور جمعیت کا کوئی رکن ابھی مرکزی کابینہ میں نہیں آیا۔ جب کہ قیوم خان جنہیں آپ ڈبل بیرل کہتے ہیں کرلے گئے ہیں تو صدر نے مذاق میں کہا کہ سنگل بیرل سے ڈبل بیرل بہتر ہے۔

آدم ملک کی آمد — صدر پاکستان نے بتایا کہ انڈونیشیا کے وزیر خارجہ مسٹر آدم ملک ۲۸ مئی کو پاکستان آئیں گے۔

بنگالی افسر — صدر ذوالفقار علی بھٹو نے پرزور الفاظ میں کہا کہ میری حکومت نے کسی بنگالی فوجی افسر یا ملازم کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی اور نہ ہی آئندہ ایسا کرنے کا کوئی ارادہ ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اگرچہ بعض افراد نے کچھ غلط کام کئے ہیں لیکن میں نے حکم دیا ہے کہ کسی بنگالی افسر کے خلاف کوئی کارروائی نہ کی جائے۔ صدر نے کہا کہ مجھے علم ہے کہ بعض بنگالی ملازمین نے خفیہ دستاویزات چرائے اور بھارت بھاگ گئے۔ لیکن میں نے حکم دیا ہے کہ کوئی کارروائی نہ کی جائے انہوں نے توقع ظاہر کی کہ شیخ مجیب بھی پاکستانی فوجیوں پر مقدمہ نہ چلانے کے بارے میں سوچیں گے۔

ازمیر کانفرنس — صدر بھٹو نے بتایا کہ وہ ترکی کے شہر ازمیر میں مشرق وسطی اور افریقہ میں مقیم پاکستانی سفیروں کی کانفرنس سے خطاب کریں گے۔ یہ کانفرنس ۷ اور ۸ مئی سے ۱۰ جون تک غیر ملکوں کے دورہ کے دوران ہوگی۔

رفیق سہگل — صدر ذوالفقار علی بھٹو نے پی آئی اے کے نئے سربراہ مسٹر رفیق سہگل کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ میں ابھی تک رفیق سہگل سے ملا نہیں لیکن ہمیں قابل افسر ادارہ کی ضرورت تھی ہم نے کئی ایسے لوگوں سے کہا کہ وہ آگے بڑھیں لیکن مسٹر رفیق سہگل کے سوا باقی سب نے انکار کر دیا۔ پی آئی اے تجارتی طور پر خسارے سے دوچار تھی۔ اس لئے ایسے شخص کی ضرورت تھی جو تجارتی طور سے آگاہ ہوں یہ فیصلہ قومی نقطہ نظر سے کیا گیا ہے۔

خدائی خدمتگار — صدر بھٹو نے کہا کہ سرحد کی صوبائی حکومت کو خدائی خدمتگار تنظیم سے پابندی اٹھانے کا کوئی اختیار نہیں تھا میں نے اس سلسلہ میں صوبائی گورنر کو ایک خط لکھا

گرفتار ہونیوالے — صدر بھٹو نے کہا کہ ہم نے کسی شخص کو بلاوجہ گرفتار نہیں کیا جبکہ شیخ مجیب نے صرف ڈھاکہ کی جیل میں ۱۵ ہزار افراد قید کر رکھے ہیں۔ ان کا آئین بھی ایک پارٹی کے اصول پر مبنی ہے۔ لیکن یہاں ہم جمہوریت پر سچے دل سے عمل کر رہے ہیں اور میں اس پر پورا یقین رکھتا ہوں۔ جن افراد کو گرفتار کیا گیا ہے جب ان کی فائلیں میرے پاس لائی گئیں تو ملک کے سربراہ کی حیثیت سے میرا فرض تھا کہ ان کے خلاف کارروائی کروں۔ ہم نے کسی شخص سے ذاتی انتقام لینے کیلئے کوئی کارروائی نہیں کی

وسائل کا معاملہ — صدر بھٹو سے جب ایک امریکی نامہ نگار نے پوچھا کہ آپ اصلاحات کے لئے رقم کہاں سے لائیں گے تو صدر بھٹو نے کہا کہ ہمارے لئے رقم کوئی مسئلہ نہیں کیونکہ اور انکم ٹیکس کو تجویز کرنے سے وسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ بہرحال وسائل ہمارے لئے مشکل نہیں۔ صدر بھٹو نے ہنستے ہوئے کہا کہ گزشتہ انتخابات میں بھی ہمارے لئے یہی مسئلہ تھا جبکہ لوگ کہتے تھے کہ چین سے پیپلز پارٹی کو بڑا روپیہ ملا ہے حالانکہ کوئی روپیہ نہیں ملا

تحریری بیانات — گزشتہ کچھ عرصے کے دوران میں نے رسمی طور پر اخباری نمائندوں سے ملاقات نہیں کی ہے میں نے اس ملاقات کی ضرورت اس لئے محسوس کی کہ گزشتہ چند ہفتوں کے دوران قومی اور بین الاقوامی سطح پر متعدد اہم واقعات رونما ہوئے ہیں جن کے بارے میں، میں آپ سے تبادلہ خیال کرنا چاہتا ہوں آپ کو یاد ہوگا کہ میں نے عہدہ سنبھالنے کے بعد اپنے پہلے بیان میں کہا تھا کہ ماضی کی حکومتوں نے ہمارے عوام کو ایک عرصہ تک غلط بیانیوں پر زندہ رکھا لیکن آپ کی یہ حکومت بڑی بے باکی کے ساتھ عوام کو حقائق سے آگاہ رکھنے کی پالیسی پر قائم رہے گی جب بھی ضرورت محسوس ہوگی خواہ یہ اطلاع اچھی ہو یا بری ہم اس سے عوام کو مطلع رکھنے کی پالیسی پر عمل پیرا رہیں گے گزشتہ چند ہفتوں کے دوران جو صدارت کے بعد مارشل لاء ختم کر دیا گیا۔ قومی اسمبلی کا اجلاس منعقد ہوا اور اس نے ملک کے لئے ایک آئین منظور کیا صوبائی حکومتیں قائم ہوئیں اور صوبائی اسمبلیوں کے اجلاس بلائے گئے اور پھر غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی ہو گئے یہ اطمینان بخش کارنامے ہیں اور اب میں قدرے اطمینان کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ شدید سیاسی کشیدگی کا احتمال کم ہو گیا ہے اور ہم یہ کہ آئین کو برقرار رکھنے کے لئے ہماری کوششیں ایک مثبت صورت اختیار کر رہی ہیں۔

اردو بلوچستان کی سرکاری زبان ہو گی

کوئٹہ ۱۰ مئی (اپ پ) اردو کو صوبہ بلوچستان کی سرکاری زبان قرار دے دیا گیا ہے اس سلسلہ میں گورنر بلوچستان میر غوث بخش بزنجو نے ایک حکم جاری کیا ہے کہ آئندہ سے تمام سرکاری کاروبار اور خط و کتابت اردو میں ہو گی۔ تاہم اس حکم کا اطلاق مرکزی اور بین الصوبائی معاملات میں کی جانے والی خط و کتابت پر نہیں ہوگا۔ گورنر نے صوبے کے تمام محکمہ کے سربراہوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی ضروریات کے مطابق اردو ٹائپ رائٹروں کا بندوبست کرلیں اور اپنے اسٹینو گرافروں کی اردو میں تربیت کا بھی بندوبست کریں۔ یہ حکم ۸ مئی سے نافذ العمل ہوگا۔

پاکستانی فوجی وفد کینٹن سے وطن روانہ ہو گیا

ہانگ کانگ ۹ مئی (اپ پ/رائٹر) نیو چائنا نیوز ایجنسی کے مطابق پاکستان کے ایک فوجی وفد نے چین کا دورہ ختم کر لیا ہے اور یہ وفد بدھ کے روز کینٹن سے وطن روانہ ہو گیا ہے کینٹن کے ہوائی اڈہ پر وفد کو چینی پیپلز لبریشن آرمی کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے الوداع کہا۔ میجر جنرل اے بی اعوان کی سربراہی میں وفد کے ارکان نے چین میں قیام کے دوران چار بڑے شہروں کا دورہ کیا ایجنسی کے مطابق وفد نے یوم مئی کی تقریبات میں بھی شرکت کی۔

حج پر سے پابندی ختم

راولپنڈی ۱۱ مئی (اپ پ) وزیر خزانہ ڈاکٹر مبشر حسن نے کہا ہے کہ حج پر سے پابندیاں ختم کر دی گئی ہیں انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت اس ملک کی پہلی حکومت ہے جس نے حج کے سفر پر سے پابندیاں ختم کر دی ہیں تاکہ ہر مسلمان حج کا مقدس فریضہ ادا کر سکے۔

سونے کی قیمت میں اضافہ

کراچی ۱۰ مئی (اپ پ) آج شب روپیہ کی قیمت میں تخفیف کے اعلان کے بعد سونے کی قیمت میں اچانک اور زبردست اضافہ ہوا اور یہ ۴۵ روپیہ فی تولہ تک پہنچ گئی۔ آج دوپہر کو جس وقت صرافہ بازار بند ہوا تو سونے کی قیمت ۲۱۳ روپے تولہ تھی لیکن شام کو روپیہ کی قیمت میں تخفیف کے اعلان کے بعد سونے کی قیمت ۴۵ روپئے تھی نصف شب کے قریب سونے کی قیمت میں کمی کا رجحان دیکھا گیا اور سونے کی قیمت ۲۳۸ روپئے تھی۔

پونڈ کی قیمت ۲۸/۶۵ روپیے

ڈالر کی سرکاری قیمت غیر سرکاری قیمت سے بھی زیادہ ہو گئی

کراچی ۱۰ مئی (نمائندہ خصوصی) روپیہ کی قیمت میں کمی کے فیصلے کے بعد ڈالر کی قیمت سرکاری طور پر ۱۱ روپیہ مقرر کی گئی ہے جبکہ اس تخفیف سے قبل ڈالر کی سرکاری قیمت ۴/۷۶ روپئے تھی اور کھلی منڈی میں ڈالر ۱۰ روپیہ کا فروخت ہوتا تھا اس طرح اب ڈالر کی قیمت کھلے بازار کی قیمت سے بھی زیادہ ہو گئی ہے۔ بنگلہ دیش میں ڈالر کی سرکاری قیمت ۷/۳۰ ٹکہ ہے اور بھارت میں بھی ڈالر کی سرکاری قیمت یہی ہے لیکن کھلے بازار میں ڈالر بھارت میں ۱۱ روپئے کا اور بنگلہ دیش میں ۱۰/۱۰ ٹکہ کا فروخت ہوتا ہے۔ روپیہ کی قیمت میں تخفیف کی وجہ سے پونڈ کی سرکاری قیمت تقریباً ۲۸/۶۵ ہوتی ہے۔

یکے از مطبوعات فرینڈز آف پاکستان ٹرانٹو پاکستان

شمارہ ۵	یکم جون ۱۹۷۲ء	جلد ۱